★★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | پیر 18 ربیع الاول 1445ھ 23 ستمبر 2024ء 7 اسوج 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 342

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

جلسوں کیلئے میدان بھرنے کے بجائے معاشی حالت بہتر بنانا ضروری ہے، وزیراعظم

معاشی بحالی سیاسی استحکام سے جڑی ہے، سیاسی انتشار کا مطلب عوام کو ریلیف دینے کے عمل کو متاثر کرنا ہے، عوام نے سیاسی استحکام کی مضبوطی میں کردار ادا کر کے معاشی ترقی کی حمایت کی ہے

معاشی چیلنج، دہشت گردی سے نمٹنے کے لئے قوم، سیاسی جماعتوں، اداروں اور صوبوں کو مل کر کام کرنا ہوگا، سیاسی افراتفری میں قوم اور ملک کا بہت وقت ضائع ہو چکا ہے، مزید وقت ضائع کرنا ملک و قوم کے مفاد میں نہیں، شہباز شریف

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ انتشاری سیاست مسترد کر کے عوام نے معاشی پالیسیوں میں بہتری کو ترجیح دی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ملک کی سیاسی و معاشی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام مہنگائی میں کمی، اپنے مسائل کا حل اور معاشی بہتری چاہتے ہیں، جلسوں کے لئے میدان بھرنے کی کوشش کرنے کے بجائے عوام کی معاشی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1



چین، او جی ڈی سی ایل اور چائنیز کمپنی سی سی ڈی سی کے درمیاں ایم او یو سائن کیا جا رہا ہے، وفاقی وزیر مصدق ملک بھی موجود ہیں

یروشلم پوسٹ کی بات آنکھیں کھول دینے والی ہے، مریم اورنگزیب

یروشلم پوسٹ نے بانی پی ٹی آئی کا دوغلا پن اور تضادات کا پہلو بے نقاب کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے اسرائیلی اخبار کے آرٹیکل پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ یروشلم پوسٹ کی بات آنکھیں کھول دینے والی ہے۔ اپنے ایک بیان میں مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ یروشلم پوسٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

وزیراعظم شہباز شریف 27 ستمبر کو جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے

سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر مسئلہ فلسطین، مسئلہ کشمیر اور ناانصافیاں دور کرنے کی ضرورت پر زور دیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کا دورہ اقوام متحدہ کی مصروفیات کا شیڈول سامنے آ گیا۔ ترجمان وزارت خارجہ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق وزیراعظم 23 سے 27 ستمبر نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

لبنان سے اسرائیل پر اب تک کا سب سے بڑا حملہ

ساحلی شہر اور فوجی اڈے کو نشانہ بنایا گیا

ہفتہ کی رات سے اتوار تک حزب اللہ نے بالائی الجلیل اور حیفا کے جنوب کی طرف 100 سے زیادہ میزائل داغے

حزب اللہ کے میزائلوں نے عفولہ شہر اور مرج بن عامر میں رامات ڈیوڈ بیس کو نشانہ بنایا، رپورٹ

بیروت (این این آئی) لبنانی حزب اللہ نے حیفا کے جنوب مشرق میں واقع رامات ڈیوڈ بیس پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

اسرائیلی اخبار نے عمران خان کو اسرائیل کا حامی قرار دیدیا

سابق وزیراعظم اسرائیل مخالف بیان دینے کے باوجود اسرائیل سے بہتر تعلقات کے اشارے دیتے رہے، آرٹیکل، فوجی اسٹیبلشمنٹ نے طویل عرصہ اسرائیل کے ساتھ تعلقات کو معمول پر آنے سے روکا، اسرائیلی اخبار کے آرٹیکل کا متن

اسرائیل کو تسلیم کرنے سے پاکستان کو اہم اقتصادی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں، اسرائیل سے تعلقات سے پاکستان کو زراعت، سائبر سیکیورٹی، دفاع اور مالی سرمایہ کاری جیسے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں

یروشلم (این این آئی) اسرائیلی اخبار یروشلم پوسٹ کے آرٹیکل میں بانی پی ٹی آئی کو اسرائیل کا حمایتی قرار دے دیا گیا۔ یروشلم پوسٹ نے اسرائیل کے اخبار ہائنز آف اسرائیل کے دعووں کی تصدیق کی ہے۔ اسرائیلی اخبار کے آرٹیکل میں کہا گیا کہ سابق وزیراعظم اسرائیل مخالف بیان دینے کے باوجود اسرائیل سے بہتر تعلقات کے اشارے دیتے رہے، بانی پی ٹی آئی اسرائیل کے لیے ہم خیال سیاست دان ہیں۔ آرٹیکل کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی انتخابات میں کامیابی پاک اسرائیل تعلقات کا از سر نو جائزہ لینے کا موقع ہے، اسرائیل دوست خارجہ پالیسی کے اسٹریٹجک فوائد لیکن پاکستان کی فوجی اسٹیبلشمنٹ سے مزاحمت کا سامنا ہے۔ اسرائیلی اخبار کے آرٹیکل میں کہا گیا ہے کہ فوجی اسٹیبلشمنٹ نے طویل عرصہ اسرائیل کے ساتھ تعلقات کو معمول پر آنے سے روکا، اسرائیل سے تعلقات کے لیے پاکستان کی موجودہ سیاسی قیادت کو بدلنا ہوگا۔ آرٹیکل کے مطابق اسرائیل سے تعلقات میں بانی پی ٹی آئی کا کردار کلیدی ہوگا، وہ عوامی رائے اور فوجی پالیسی تبدیل کرنے میں کردار ادا کر سکتے ہیں۔ آرٹیکل میں کہا گیا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی وائٹ ہاؤس میں واپسی پاک اسرائیل تعلقات کی بحالی تیز کر سکتی ہے، ٹرمپ انتظامیہ سفارتی اور معاشی فوائد سے پاکستان جیسے ممالک کی حوصلہ افزائی کر سکتی ہے۔ اسرائیلی اخبار کے آرٹیکل میں کہا گیا کہ اسرائیل کو تسلیم کرنے سے پاکستان کو اہم اقتصادی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں، اسرائیل سے تعلقات سے پاکستان کو زراعت، سائبر سیکیورٹی، دفاع اور مالی سرمایہ کاری جیسے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ آرٹیکل میں کہا گیا کہ عمران خان اسرائیل کے حمایتی اور اسٹیبلشمنٹ و سیاسی قیادت مخالف ہے۔ اسرائیلی اخبار یروشلم پوسٹ کے آرٹیکل میں بانی پی ٹی آئی کو اسرائیل کا حمایتی قرار دے دیا گیا۔ یروشلم پوسٹ نے اسرائیل کے اخبار ہائنز آف اسرائیل کے دعووں کی تصدیق کی ہے۔

سابق وزیراعظم اسرائیل مخالف بیان دینے کے باوجود اسرائیل سے بہتر تعلقات کے اشارے دیتے رہے، آرٹیکل، فوجی اسٹیبلشمنٹ نے طویل عرصہ اسرائیل کے ساتھ تعلقات کو معمول پر آنے سے روکا، اسرائیلی اخبار کے آرٹیکل کا متن

اقوام متحدہ اجلاس پر شہباز اور جو بائیڈن ملاقات طے نہیں: منیر اکرم

افغان طالبان کی بہت سی پالیسیوں سے اختلاف کے باوجود رابطے ضروری ہیں، انٹرویو

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے کہا ہے کہ یو این اجلاس کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف اور امریکی صدر جو بائیڈن کی ملاقات طے نہیں۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے منیر اکرم کا کہنا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف جنرل اسمبلی اور سلامتی کونسل میں خطاب کریں گے، ان کی اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل اور دیگر اہم ممالک کے سربراہان سے ملاقات ہوگی۔ انہوں نے کہا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

یروشلم پوسٹ نے عمران خان کا دوغلا پن بے نقاب کر دیا، مریم اورنگزیب

پی ٹی آئی والوں کے پاس پاکستان کو کمزور کرنے کا ایک ہی طریقہ تھا افواج کو کمزور کرو، دانیال چودھری

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ یروشلم پوسٹ نے عمران خان کا دوغلا پن بے نقاب کر دیا ہے، یروشلم پوسٹ نے عمران خان کو ہم خیال شخص قرار دیا، بانی پی ٹی آئی اسرائیل سے معمول کے تعلقات چاہتے تھے۔ اسرائیلی اخبار میں چھپنے والے آرٹیکل پر ردعمل دیتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ یروشلم پوسٹ کی بات آنکھیں کھول دینے والی ہے کیونکہ اس آرٹیکل نے عمران خان کا دوغلا پن اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

"گڈ لک"، وزیراعلیٰ مریم نواز کا ایم ڈی کیٹ کے امیدواروں کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی پنجاب بھر کے امتحانی مراکز میں بہترین انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایم ڈی کیٹ کے اُمیدواروں کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7



نارووال، وفاقی وزیر احسن اقبال میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ٹرانسفارمنگ پنجاب انیگری کلچر کے لئے سفارشات کا جائزہ لینے بارے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ٹماٹر پیاز سمیت سبزیوں کی کاشت بڑھانے کیلئے کوآپریٹو فارمنگ متعارف کرانے کا فیصلہ

5 سے 10 کاشتکار پر مشتمل ویجیٹیبل فارمر گروپ کو بیج، کھاد، ڈرپ اریگیشن اور سولرائزیشن پر سبسڈی دی جائے گی

پنجاب بھر میں ایگریکلچر مشینری رینٹل سروسز شروع کرنے کی منظوری، وزیراعلیٰ مریم نواز کی سرکاری اراضی پر گندم کی بوائی یقینی بنانے کا حکم

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں ٹماٹر اور پیاز سمیت سبزیوں کی کاشت بڑھانے کیلئے کوآپریٹو فارمنگ متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ 5 سے 10 کاشتکار پر مشتمل ویجیٹیبل فارمر گروپ کو بیج، کھاد، ڈرپ اریگیشن اور سولرائزیشن پر سبسڈی دی جائے گی۔ پنجاب میں 2 ہزار ایکڑ پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

آئی پی پیز کے ملکی معیشت میں تباہی کے حوالے سے حقائق منظر عام پر آ گئے

بنگلہ دیش اور ویتنام کے مقابلے میں پاکستان میں اسی پیداواری صلاحیت کے وِنڈز پلانٹس چار گنا مہنگے لگائے

اسلام آباد (این این آئی) انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسرز کی جانب سے ملکی معیشت کو نقصان پہنچانے اور دھوکا دہی کے حقائق منظر عام پر آ گئے جن میں انکشاف کیا گیا ہے کہ بعض بجلی گھروں نے غلط معاہدوں کے باعث بغیر بجلی پیدا کیے حکومت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

وزیراعلیٰ کا ڈور پھرنے سے موٹر سائیکل سوار کے زخمی ہونے کے واقعہ کا نوٹس

سخت احکامات کے باوجود ڈور پھرنے کا واقعہ انتہائی افسوناک ہے، مریم نواز شریف

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کاہنہ میں ڈور پھرنے سے موٹر سائیکل سوار کے زخمی ہونے کے واقعہ کا نوٹس لے لیا اور انسپکٹر جنرل پولیس سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے زخمی موٹر سائیکل سوار اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

گنڈاپور نے رکاوٹیں عبور کر کے پنجاب اور لاہور گھوم کر چیلنج پورا کیا: بیرسٹر سیف

اٹک پار کرنے کی دھمکی دینے والے جعلی وزراء نے اب بھیگی بلیوں کی طرح چپ سادھ لی ہے، بیان

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور نے تمام رکاوٹیں عبور کر کے پورے پنجاب اور لاہور گھوم کر اپنا چیلنج پورا کیا۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ اٹک پار کرنے کی دھمکی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

'اصل واردات لیڈر شپ نے خود ڈالی ہے' پی ٹی آئی رہنما اپنی ہی جماعت پر برہم

بانی پی ٹی آئی جیل میں نہ ہوتا تو بزدلوں تمہاری وہ کلاس لیتا یاد رکھتے، صدام ترین

لاہور (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما صدام ترین اپنی ہی جماعت پر برس پڑے، تحریک انصاف کے رہنماؤں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے صدام ترین نے کہا کہ جنریٹر چاروں طرف موجود تھے اصل وارادت لیڈر شپ نے خود ڈالی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

پی ٹی آئی کو لاہور میں مایوسی کا سامنا کرنا پڑا، عظمیٰ بخاری

مریم نواز نے پی ٹی آئی کے بدمعاشوں کو لائن لگوا کر گھر جانے پر مجبور کیا، جس نے بھی قانون توڑا قانون سختی سے نمٹے گا

ایک فتنہ جماعت نے جلسہ کیا، ان کے انقلاب کو جوتیاں چھوڑ کر بھاگتے دیکھا، وزیر اطلاعات پنجاب کا تقریب سے خطاب



لاہور، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پی ٹی آئی کو لاہور میں مایوسی کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

ملک بھر میں ایم ڈی کیٹ کا امتحان، موبائل و انٹرنیٹ سروس معطل

آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت چاروں صوبوں میں ایم ڈی کیٹ کا امتحان، دفعہ 144 نافذ رہی

کئی شہروں میں منتظمین کی جانب سے طلبہ کے ہمراہ آنے والوں کیلئے کسی طرح کے انتظامات نہ کئے گئے



لاہور، یو ایچ ایس کے زیر اہتمام ایم ڈی کیٹ کا امتحان دینے آنے والے طلبہ کے والدین سنٹر کے باہر بیٹھنے کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے سڑک پر انتظار کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے زیر اہتمام آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت چاروں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28



وفاقی وزیر رانا تنویر حسین میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کے 487 رہنماؤں، کارکنوں، کی نظر بندی کے احکامات واپس

جلسے کے دوران 100 سے زائد گرفتار کارکنوں کی رہائی کا حکم بھی دیدیا گیا

لاہور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لاہور نے پاکستان تحریک انصاف کے 487 متحرک رہنماؤں اور کارکنوں کے نظر بندی کے احکامات واپس لے لیے جبکہ جلسے کے دوران 100 سے زائد گرفتار کارکنوں کی رہائی کا حکم بھی دیدیا۔ کارکنوں کی نظر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

کراچی میں ایم ڈی کیٹ کا پرچہ مبینہ طور پر لیک ہو گیا

ہم نے خدشہ ظاہر کیا تھا پیپر لیک ہو سکتا ہے، خدا کرے جعلی ہو، چیئرمین وائی ڈی اے ڈاکٹر محبوب

کراچی (این این آئی) کراچی میں ایم ڈی کیٹ کا پرچہ مبینہ طور پر شروع ہونے سے پہلے لیک ہو گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پرچہ رات 12 بجے لیک ہوا۔ اس حوالے سے چیئرمین وائی ڈی اے ڈاکٹر محبوب کا کہنا ہے کہ ہم نے خدشہ ظاہر کیا تھا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

حقیقی آزادی کی منزل اب زیادہ دور نہیں، مسرت جمشید چیمہ

عوام نے 8 فروری کی طرح 21 ستمبر کو بھی ساری چال بازیاں اور تدبیریں الٹا کر رکھ دیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ جعلی حکومت کے بدترین جبر اور رکاوٹوں کے باوجود عوام نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی کال پر جلسے میں بھرپور شرکت کر کے واضح کر دیا ہے حقیقی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

شیخ رشید کی چین میں حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کی قبر پر حاضری

بیجنگ (این این آئی) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد چین پہنچ گئے۔ سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد چین کے شہر گوانزو میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی قبر پر پہنچے۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ نے قبر پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔

وزیر داخلہ محسن نقوی کی زوب میں قومی شاہراہ پر اے ٹی ایف کی گاڑی پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے زوب میں قومی شاہراہ پر اے ٹی ایف کی گاڑی پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے فائرنگ سے شہید ہونے والے 3 پولیس اہلکاروں کو خراج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

عمران خان کو پھر مسلط کر کے ملک کو کھوکھلا کرنے کی سازش کی جا رہی ہے، احسن اقبال

فضل الرحمن کی زبانی سنا عمران خان اسرائیلی لابی کا ایجنٹ ہے

نارووال (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ عمران خان کو ملک پر دوبارہ مسلط کرنے کے لیے مہم چلائی جا رہی ہے، حال ہی میں یروشلم پوسٹ میں ایک مضمون شائع ہوا، اسرائیلی اخبار کے مطابق بانی پی ٹی آئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25



چین، شیخ رشید حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کی قبر پر حاضری دے رہے ہیں

عوام نے خود ہی پی ٹی آئی کا جلسہ ناکام بنا دیا، وزیر تعلیم پنجاب

تحریک انتشار نے بڑے بڑے دعوے کیے، مگر ایک بھی پورا نہ ہوا: رانا سکندر حیات

لاہور (خبر نگار) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ تحریک انتشار نے بڑے بڑے دعوے کیے، مگر ایک بھی پورا نہ ہوا۔ ایک بیان میں رانا سکندر حیات نے کہا کہ عوام نے خود ہی پی ٹی آئی کا جلسہ ناکام بنا دیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

مسلم لیگ (ن) وعدوں کے بجائے کام پر یقین رکھتی ہے، چودھری جعفر اقبال

9 مئی والوں نے ملک کی اساس سے کھلواڑ کیا، نوجوانوں کا مستقبل تباہ کرنے والوں کو قوم کبھی معاف نہیں کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی و سینیٹر چودھری محمد جعفر اقبال نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ ملکی ترقی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومت کے اقدامات شاندار کارکردگی کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

وزیراعلیٰ مریم نواز کا فیصل آباد الائیڈ ہسپتال میں 14 سالہ لڑکی سے مبینہ زیادتی کے واقعہ کا نوٹس

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فیصل آباد الائیڈ ہسپتال میں 14 سالہ لڑکی سے مبینہ زیادتی کے واقعہ کا نوٹس لے لیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے انسپکٹر جنرل پولیس سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔

مسلم لیگ (ن) کی موجودہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہیں، سیما جیلانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر رہنما رکن قومی اسمبلی سیما جیلانی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ حکومتی اقدامات کی بدولت عوام کی زندگیوں میں بہتری آ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

سازشیں کرنے والوں کی قومی سیاست میں اب کوئی جگہ نہیں، ملک سجاد

فتنہ فسادی گروہ کا ایجنڈا ملک میں انتشار پھیلانا، تقسیم کرنا اور نفرتیں بڑھانا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق چیئرمین ملک سجاد نے کہا ہے کہ فسادی ڈیجیٹل دہشتگردی کے ذریعے ملک کمزور اور عدم استحکام کا شکار کر رہے ہیں لیکن ان کا یہ بیرونی ایجنڈا انشاء اللہ کامیاب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

ہمیں اپنا حق مزاحمت کر کے چھیننا پڑے گا، حافظ نعیم الرحمان

ریاست میں عوام کو امن اور صحت ملنا چاہئے، امن فراہم کرنا ریاست کا کام ہے، یہ کام نہیں کر سکتے تو حکومت پھر کس لئے آتی ہے

مسئلہ کشمیر ان طلبہ کا ہے، جس کی کوئی قوم اور زبان نہیں ہوتی ہے، وہاں کے لوگوں کو کہا ہمیں بھارت کا غلام بنا دیا ہے، امیر جماعت اسلامی



کراچی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے ایکسپو سینٹر میں خطاب کر رہے ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ نوجوان مایوس نہ ہوں ہمیں اپنا حق مزاحمت کر کے چھیننا پڑے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

پنجاب میں 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے مزید 86 کیس رپورٹ

راولپنڈی میں ڈینگی کے 74، گوجرانوالہ، شیخوپورہ، اٹک اور میانوالی میں 2، 2 کیسز سامنے آئے

راولپنڈی (این این آئی) پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے مزید 86 کیس رپورٹ ہو گئے۔ محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

عوام سے کیے وعدے ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں، عبدالعلیم خان

وفاقی وزیر کا حلقہ این اے 117 میں بڑے ترقیاتی منصوبوں کیلئے خصوصی پیکج اور ترقیاتی کاموں کے آغاز کا اعلان

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ 30 سال سے حل طلب مسائل پر توجہ ہے، این اے 117 کے عوام کے وعدے ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر برائے تجارت اور مواصلات عبدالعلیم خان سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

ورکنگ جرنلسٹس کیلئے پرائم منسٹر ہیلتھ انشورنس اسکیم کا اجرا

لاہور پریس کلب کا اظہار تشکر

لاہور پریس کلب نے ہمیشہ صحافیوں کے لئے اٹھائے گئے حکومت کے احسن اقدامات کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا ہے

آئندہ بھی حکومت کے ایسے تمام اقدامات کی تائید کرے گا جس میں صحافیوں کے لئے بہترین سہولیات مہیا کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے، صدر لاہور پریس کلب



اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء تارڑ کی ورکنگ جرنلسٹس اور میڈیا ورکرز کیلئے پرائم منسٹر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

سندھ میں معیار تعلیم کی بہتری کیلئے کروڑوں ڈالر قرض مل گیا مگر۔۔

25 کروڑ سے زائد رقم صرف گاڑیوں، فرنیچر اور مشینری کی خریداری پر خرچ کر دی گئی

کراچی (این این آئی) سندھ میں سیکنڈری ایجوکیشن کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے 75 ملین ڈالر کا بیرونی قرض لینے کے باوجود کوئی طریقہ کار نہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

راولپنڈی میں ڈاکوؤں کی پولیس پر فائرنگ، جوابی کارروائی میں ایک ڈاکو ہلاک

واقعے کے بعد 2 ڈاکو فرار ہو گئے، پولیس نے ڈاکوؤں کی گرفتاری کیلئے سرچنگ شروع کر دی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے پیرودھائی کے علاقے میں رات گئے موٹر سائیکل سوار 3 ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

نقیب جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین
1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786





پی ایم اے ہاؤس میں کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج کی بحالی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت پروفیسر اشرف نظامی کر رہے ہیں جبکہ اس موقع پر پروفیسر شاہد ملک، وائی ڈی اے پنجاب کے صدر ڈاکٹر شعیب نیازی، ڈاکٹر طارق میاں سمیت دیگر بھی موجود ہیں

پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے عہدیداران کا مشترکہ اجلاس

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں کالج کی سیٹ پر 2021 سے اب تک پرنسپل نہ لگائے جانے پر تشویش کا اظہار

پروفیسر ثاقب سعید کو پرنسپل لگایا لیکن ان کی ریٹائرمنٹ کے بعد ابھی تک پرنسپل تعینات نہیں کیا گیا

فوری طور پر کنگ ایڈورڈ کالج کا پرنسپل تعینات کیا جائے، کالج کی سیٹوں کو یونیورسٹی کی سیٹوں سے علیحدہ کیا جائے، پی ایم اے

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے اعلیٰ عہدیداران کا مشترکہ اجلاس بلایا، جس میں کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں کالج کی سیٹ پر پرنسپل کی تعیناتی کا معاملہ بھی زیر بحث لایا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ 2021 میں کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج کی سیٹ کو یونیورسٹی کی سیٹ سے علیحدہ کیا گیا تھا، جس کے بعد سے اب تک کالج کی سیٹ پر پرنسپل تعینات نہیں کیا گیا، جس کی وجہ سے کالج کی سیٹ پر یونیورسٹی کے لگائے گئے پرنسپل کو چارج دینا پڑتا ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ حکومت کی جانب سے کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج کو خودمختار کرنے کا اعلان کیا گیا تھا، جس پر محکمہ صحت نے ایس ایس او (SNE) کے مطابق جوائنٹ کنگ ایڈورڈ کالج کا پرنسپل کالج کی سیٹ پر تعینات کیا جائے، اور کالج کی سیٹوں کو یونیورسٹی کی سیٹوں سے علیحدہ کیا جائے۔ پی ایم اے کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج کی سابق پرنسپل پروفیسر ثاقب سعید کو کالج کی سیٹ پر پرنسپل کی تعیناتی کا مشترکہ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ محکمہ صحت پنجاب سے مطالبہ کیا جائے کہ فوری طور پر کنگ ایڈورڈ کالج کا پرنسپل تعینات کیا جائے، پی ایم اے پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے بھرتی ہونے والے ڈاکٹروں کی ان سیٹوں پر تعینات ہونے کا موقع ملے، اور ڈاکٹروں میں جاری ڈیڈ لاک اور بے چینی کا خاتمہ ہو سکے۔

ڈی آئی جی آپریشنز کا پتنگ بازوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا حکم

پتنگ بازی ہونے کی صورت میں ذمہ داران کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران نے کہا کہ انسداد پتنگ بازی کیلئے تمام افسران فیلڈ میں متحرک رہیں، محمد فیصل کامران نے افسران و جوانوں کو پتنگ بازی کے تدارک کیلئے بھرپور کارروائیوں کی ہدایت کی۔ انہوں نے ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو پتنگ بازی کے تدارک کیلئے خصوصی ٹاسک دیتے ہوئے کہا کہ پتنگ بیچنے والوں اور پتنگ بازی کرنے والوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے۔ محمد فیصل کامران نے کہا کہ پتنگ بازی کی صورت برداشت نہیں کی جائیگی۔ موثر کارروائیاں کرنے والے ایس ایچ اوز کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈالفن، پی آر او و دیگر پٹرولنگ پوائنٹ فیلڈ میں موجود ہیں، پتنگ بازی کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے۔ کسی بھی قسم کی سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ پولیس افسران و جوان پتنگ بازی کے قانون کے مطابق کارروائیوں کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی معاملہ میں افسران و جوانوں کی غفلت یا کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائیگا۔ پتنگ بازی کے نقصانات بارے آگاہی وی جائے۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے والدین، اساتذہ و سول سوسائٹی سے بھی پتنگ بازی جیسے خونی کھیل کو روکنے

محکمہ جنگلی حیات نے نایاب نسل کو عقاب برآمد کر لیا

عالمی مارکیٹ میں قیمت 36 ہزار ڈالر سے زائد ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کا نایاب جنگلی جانوروں اور پرندوں کے غیر قانونی کاروبار اور سمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ محکمہ جنگلی حیات نے نایاب نسل کا عقاب برآمد کر لیا جس کی عالمی مارکیٹ میں قیمت 36 ہزار ڈالر سے زائد ہے۔ محکمہ جنگلی حیات نے خفیہ اطلاع پر پولیس کے ہمراہ ناقہ تنسہ میں کارروائی کر کے ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے نایاب عقاب کو برآمد کر لیا جس کی قیمت انٹرنیشنل مارکیٹ میں 36 ہزار ڈالر سے زائد ہے۔ ملزم نایاب پرندوں کو بیرون ملک اسمگل کرنے کے دھندے میں ملوث ہے۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے کامیاب کارروائی کرنے والے افسران اور اہلکاروں کو شاباش دی ہے۔ برآمد ہونے والے عقاب کو ٹریکر کے ساتھ دوبارہ آزاد کیا جائے گا۔



سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر ظاہر شاہ شاہنواز، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی راولپنڈی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیکرٹری اوقاف نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی راولپنڈی کے اجلاس سے گفتگو

اوقاف اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہا ہے، کسی سطح پر بھی کوئی کوتاہی برداشت نہ ہوگی

لاہور (سٹیشن رپورٹر) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر ظاہر شاہ شاہنواز نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی راولپنڈی کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دشمن کے تدارک کے لئے تمام محکمے مکمل ہم آہنگی سے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہا ہے، کسی سطح پر بھی کوئی کوتاہی برداشت نہ ہوگی۔ انسانی جانوں کی حفاظت لازم اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق سہولیات اور معاشرتی ضروریات کی فراہمی کے لئے حکومت متعہد ہے۔ دشمن کے حملے کی صورت میں ہر طرح کی آگاہی دینے کے لیے ہر محکمہ عمل ہے۔ اس ضمن میں جامع حکمت عملی وضع کرلی گئی۔ دشمن کے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر گھر گھر پہنچائیں گے۔ کسی ادارے یا شعبے کو کوتاہی نہیں کرنے دیں گے، اس سے پوری سہولتی پریشان ہوسکتی ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ نے کہا کہ راولپنڈی میں ڈینگی وبا شدت اختیار کرچکی ہے، ہر فرد تمام محکمے اس بوباؤ اور حلالہ مکمل کنٹرول میں ہیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈی جی ایچ کوارٹر ڈاکٹر انور خان، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر احسان غنی اور ایڈیشنل کمشنر (جنرل) آفیسر کیپٹن (ر) عاصم منیر، ڈائریکٹر ڈاکٹر شائلہ آکسیب کیپٹن عمران و دیگر اداروں کے ذمہ داران اور افسران بھی موجود تھے۔ سیکرٹری اوقاف نے کنٹرول روم کا دورہ کیا اور مذکرہ صورتحال پر کنٹرول روم راولپنڈی عامر مختاب نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس ضمن میں اوقاف کے جملہ وسائل ہر وقت دستیاب ہیں۔

ملتان روڈ انڈسٹریل اینڈ ٹریڈ ایسوسی ایشن کا انجم نثار گروپ پیاف، پائیمر اور پروگریسو لائنس کی حمایت کا اعلان

لاہور چیمبر کا تعاون اور اقدامات صنعتی ترقی کی راہ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، محمد ارشد چوہدری سرپرست اعلیٰ

روف لائن گروپ کے ڈائریکٹر عمران اور امان اللہ کی جانب سے بھی مذکورہ گروپس کی مکمل حمایت کا یقین دلایا گیا



ڈائریکٹر (تکنیکل اسٹاف ٹیکنالوجیز) روف لائن گروپ امان اللہ قریشی، عمران ایل بی اے آئی کے انتخابات کے سلسلہ میں ڈیپلن سلیم شیخی اور سید حسن رضا سے ملاقات کر رہے ہیں ملاقات ملتان روڈ انڈسٹریل اینڈ ٹریڈ ایسوسی ایشن کے جانب سے دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر ہوئی

لاہور (کامرس رپورٹر) ملتان روڈ انڈسٹریل اینڈ ٹریڈ ایسوسی ایشن کی جانب سے انجم نثار گروپ پیاف، پائیمر، اور پروگریسو لائنس کے اعزاز میں عشائیہ کا اہتمام کیا گیا جس میں گروپ کے تمام مرکزی رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد شعیب ڈوگر، وائس چیئرمین محمد عثمان، سابق صدر ایسوسی ایشن ملک محمد ارشد، سابق صدر ایسوسی ایشن شاہد ریاض، سابق صدر ایسوسی ایشن ملک محمد اسلم، سابق صدر ایسوسی ایشن شیخ محمد ارشد، سابق صدر ایسوسی ایشن شیخ محمد ارشد چوہدری نے لاہور چیمبر آف کامرس ملتان روڈ سے متعلق کاروبوں کو سراہا اور انکی مکمل حمایت کا یقین دلایا انہوں نے چیمبر کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات صنعتی ترقی کی راہ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، صدر ملتان روڈ انڈسٹریل اینڈ ٹریڈ ایسوسی ایشن محمد عثمان نے ملتان روڈ سے متعلق مختلف امور پر بریفنگ دی اور پی پی پی ایچ کے جنماؤں کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ اپنے مسائل کے حل کے لئے تمام صنعت کاروں اور تاجروں کو متحد ہو کر کام کرنے کی ضرورت ہے پروگریسو کے صدر خالد مغان نے کہا کہ ملتان روڈ انڈسٹریل اینڈ ٹریڈ ایسوسی ایشن کے شاندار استقبال کی تعریف کرتا ہوں اور لاہور چیمبر آف کامرس کی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرواتا ہوں انکا کہنا تھا کہ اس قسم کی تقریبا ت صنعت کاروں اور تاجروں کے درمیان ہم آہنگی اور تعاون کے فروغ میں اہم ثابت ہوتی ہیں۔ پیاف کے چیئرمین میاں فہیم الرحمان سہگل نے ملتان روڈ انڈسٹریل اینڈ ٹریڈ ایسوسی ایشن کا شکریہ ادا کیا اور ملتان روڈ انڈسٹریل ٹریڈ سے متعلق تمام معاملات میں تعاون کا یقین دلایا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کے لئے تمام ٹریڈ ایسوسی ایشنز اور چیمبرز کا مشترکہ تعاون ضروری ہے تقریب میں ملتان روڈ پر موجود تمام صنعت کاروں اور تاجروں نے شرکت کی اور انجم نثار گروپ پیاف، پائیمر اور پروگریسو لائنس کو اپنی بھرپور حمایت کا یقین دلایا۔

پسرور 23 سالہ لاپتہ لڑکی کو بڈیانہ پولیس نے ایک سال بعد لاہور سے برآمد کر لیا

تھانہ بڈیانہ کے ایس ایچ او انسپکٹر غازی عرفان اشرف کو لڑکی کی بازیابی کا ٹاسک دیا تھا



پسرور (نمائندہ رپورٹر) پسرور 23 سالہ لاپتہ لڑکی کو بڈیانہ پولیس نے ایک سال بعد لاہور سے برآمد کر لیا۔ تھانہ بڈیانہ کے علاقہ کوہالی کی رہائشی 23 سالہ لاپتہ جو 8 اکتوبر 2023 کو اچانک غائب ہو گئی تھی کے اغوا کا مقدمہ مدعی کی مدعیت میں نامعلوم افراد کے خلاف درج ہوا بڑیانہ پولیس کے سابق ایس ایچ او لڑکی کو بازیاب کروانے میں ناکام رہے تو ڈی پی او ورانا عمر فاروق نے ایس پی انویسٹی گیشن غلام عباس اور ڈی ایس پی پسرور سرفراز بھچر کی نگرانی میں تھانہ بڈیانہ کے ایس ایچ او انسپکٹر غازی عرفان اشرف کی سربراہی میں ایک ٹیم تشکیل دی جس نے لڑکی کو بازیاب کروانے کے لئے شبانہ روز کوششیں کیں اور ٹیکنالوجی کی مدد حاصل کی اور لڑکی کی تلاش شروع کی جس کے بارے میں ضلع آباد کے علاقہ ہجرانوالہ میں لڑکی کو دیکھا گیا تو پولیس ٹیم ہنڑاوالہ پہنچی تو لڑکی کو لاہور کے علاقہ سلامہ میں موجودگی پر پولیس ٹیم نے سلامہ کے علاقہ میں ریڈ کیا اور 23 سالہ لاپتہ کو برآمد کرنے میں کامیابی حاصل کی پولیس ترجمان کا کہنا ہے کہ لاپتہ کے والدین وقات پاچکے ہیں جس پر لڑکی یہاں سے فرار ہو گئی جس کی تلاش کے بعد پولیس اسے برآمد کرنے میں کامیاب رہی۔



پی ایچ اے ڈائریکٹر فرخانس عامر برابر ہیم نے ماہ کو اپنا موقف دیتے ہوئے بتایا کہ آج 23 ستمبر کو ڈیلی ویجز ملازمین کو تنخواہ مل جائے گی

پارکس اینڈ ہارٹی کلچر کے افسران غریب اہلکاروں کے لئے عذاب بن گئے

10 دس سالوں محنت مزدوری کرنے والے ڈیلی ویجز ملازمین کو ریگولر نہیں کیا جا رہا جبکہ 3900 سے زائد مالی اس ماہ کی تنخواہ سے محروم

لاہور (فرید بابر خان سے) پارکس اینڈ ہارٹی کلچر کے افسران غریب اہلکاروں کے لئے عذاب بن گئے 10 دس سالوں محنت مزدوری کرنے والے ڈیلی ویجز ملازمین کو ریگولر نہیں کیا جا رہا جبکہ 3900 سے زائد مالی اس ماہ کی تنخواہ سے محروم غریب ملازمین کے گھروں میں فاقوں کی نوبت آ گئی ہے۔ دوسری جانب غریب مالیوں کی تنخواہیں نہیں ہو رہی اس وقت پی ایچ اے میں 3900 سے زائد ڈیلی ویجز ملازمین کام کر رہے ہیں جنہوں نے پی ایچ اے کی 9 سے زائد جھولی بڑی یادگاروں میں کام کر رہے اور کئی سالوں سے ان کو پکا نہیں کیا جا رہا جبکہ پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی ضلع قصور کے افسران غریب ملازمین کو ریگولر نہیں کر رہے جبکہ ان کو پکا نہیں کیا جا رہا جبکہ ان کو پکا نہیں کیا جا رہا جبکہ ان کو پکا نہیں کیا جا رہا

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3)23 ستمبر 2024ء

پاور ایگلز کمپنی کا گھر بیٹھی خواتین کو بااختیار بنانے کا مشن جاری

پاور ایگلز کمپنی کے زیر اہتمام سیالکوٹ کے نجی ہوٹل میں تقریب کا انعقاد ،خواتین شرکا کی کثیر تعداد میں شرکت،تقریب میں گھر بیٹھے افراد کو سوشل میڈیا سے لاکھوں روپے کمانے کے متعلق اگاہی فراہم کی گئی

سیالکوٹ (سٹاف رپورٹر) تفصیلات کے مطابق خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پاور ایگلز کمپنی نے مشن جاری رکھتے ہوئے سیالکوٹ کے نجی ہوٹل میں ایک تقریب کا انعقاد کیا، جس میں سیالکوٹ سے تعلق رکھنے والی خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی ،تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا،تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاور ایگلز کمپنی سیالکوٹ کی مینیجر مہوش معظم، سپروائزر مریم قدیر اور ہما اقبال کا کہنا تھا کہ پاور ایگلز ایک ایسا پلیٹ فارم ہے کہ جو گھر بیٹھے خواتین کو لاکھوں روپے باآسانی کمانے کے مواقع فراہم کرتا ہے, روزانہ کی بنیاد پر تین سے چار گھنٹے کام کر کہ خواتین اچھی رقم کما سکتی ہیں خطاب کے دوران ان کا مزید یہ کہنا تھا کہ پاور ایگلز کا مشن خواتین کو بااختیار بنانا ہے ،تقریب میں خواتین کو بتایا گیا کہ کس طریقے سے سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل سکلز کا استعمال کرتے ہوئے انٹرنیشنل کرنسی میں اپنی ارننگ جرنیٹ کی جاسکتی ہیں مہنگائی کے اس دور میں لوگ گھروں کے اخراجات کے برداشت کر رہے ہیں ہم باخوبی واقف ہیں ہم چاہتے ہیں کہ وہ خواتین جو گھروں سے باہر نہیں نکل سکتی وہ گھروں میں بیٹھ کر بااختیار ہو کر اپنے اہل خانے کے کیے کچھ کریں چند گھنٹے کام کر کہ لاکھوں روپے ماہانہ کما سکتی ہیں تقریب میں آئی ہوئیں 200 کے قریب خواتین نے پاور ایگلز کی اس کاوش کو خوب سراہا، مزید تقریب میں آنے والی خواتین کا کہنا تھا کہ یہ بہت اچھا اقدام ہے جو پاور ایگلز کمپنی کر رہی ہے ،تقریب کے دوران پاور ایگلز کمپنی نے بہتر انداز میں کام کرنے والی اپنی سٹاف ٹیم میں انعامات بھی تقسیم کیے تقریب کے اختتام پر پاور ایگلز کی مینجر مہوش کا کہنا تھا کہ پاور ایگلز کا بنیادی مقصد گھر بیٹھی خواتین کو منفرد اور جدید کام کے مواقع فراہم کر کہ بااختیار بنانا ہے آخر میں پاور ایگلز کمپنی نے تقریب میں آنے والی تمام خواتین کا شکریہ ادا کیا اور آنے والے تمام مہمانوں کے لیے کھانے کا بھی اہتمام کیا گیا



سوسائٹی کی تعمیر وترقی اولین ترجیحات ہیں ۔محمد خالد وسیم کی سوسائٹی ممبران کے وفد سے گفتگو



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سوسائٹی کی تعمیر و ترقی اولین ترجیحات ہیں محنت اور جدوجہد سے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کو خوبصورت بنانا ہے اس کی دیکھ بھال ممبران کی پر اولین ذمہ داری ہے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کی تعمیر وترقی کے لیے دن رات جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں الحمدللہ بے شمار ترقیاتی کام پایہ تکمیل تک پہنچ رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ممبران سوسائٹی کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے لنک روڈ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کا مسائل پیدا کر رہے ہیں اور اسی طرح ارد گرد کے علاقے سیوریج سسٹم میں اپنا پانی ڈال رہے ہیں جس باعث ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کو بھی مشکلات سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے ممبران اگر اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے اپنا کردار ادا کریں تو بے شمار مسائل حل ہو سکتے ہیں اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ کوئی شخص اپنی ذمہ داری کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں جس کے باعث مسائل پیدا ہو رہے ہیں موجودہ حالات میں ممبران سے گزارش ہے کہ وہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کی تعمیر وترقی میں ہمارا ساتھ دیں اور اپنے بقایہ جات اور واجبات بروقت ادا کریں تاکہ جاری شدہ تعمیر تعمیراتی کاموں کو جلد از جلد پایا تکمیل تک پہنچایا جاسکے

12 ربیع الاول کا دن مسلمانوں کی زندگی میں خاص اہمیت رکھتا ہے مرزا امتیاز بیگ

12 ربیع الاول کے دن ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ اس دنیا میں تشریف لائے



قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد 12 ربیع الاول کے سلسلہ میں سٹی پریس کلب احمد آباد کے عہدیدران صحافیوں کا اجلاس مرزا امتیاز بیگ کی سرپرستی میں دفتر سٹی پریس کلب احمد آباد منعقد ہوا اجلاس میں انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 12 ربیع الاول کا دن ہم مسلمانوں میں بہت اہمیت رکھتا ہے بلا شبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت ایمان کا لازمی حصہ ہے جس کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہوتا ان پہ ایمان رکھنے والا کوئی بھی شخص ان کی محبت سے خالی یا عاری نہیں ہو سکتا ہمیں ان کی زندگی سے سیکھنا چاہیئے تا کہ ہم دین،دنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکیں آج نفسانی دور میں ہم سب پریشان ہیں اس کی وجہ نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات سے دوری کا نتیجہ ہے ہمیں کوشش کرنا ہوگی کہ دین،دنیا و آخرت کی کامیابی کے لئے ان کی تعلیمات اور احکامات کی روشنی میں زندگی گزارنی چاہیے۔قلعہ احمد آباد 12 ربیع الاول کے سلسلہ میں سٹی پریس کلب احمد آباد کے عہدیدران صحافیوں کا اجلاس مرزا امتیاز بیگ کی سرپرستی میں دفتر سٹی پریس کلب احمد آباد منعقد ہوا

جھنگ: آج درج ذیل فیڈرز پر بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 9 بجے سے دن 1 بجے تک 23 ستمبر کو ماجھی سلطان، ڈھوٹڑے شاہ، مگھیانہ، غازی شاہ، کوڑیانہ، ریواز، باغ، رسول پور، اٹھارہ ہزاری، سکارپ، ایس بہادر، کلاچی فیڈرز، صبح 7 بجے سے دن 1 بجے تک شورکوٹ روڈ، سکارپ، محبوب شاہ، صادق نہنگ، رکھ بھنگو، آزاد پور، سلطان بہادر فیڈرز، صبح 8 بجے سے دن 2 بجے تک کالج روڈ، ریلوے بازار فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

ساہیوال: گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت درخواستوں کے وصولی کا اغاز کر دیا گیا ہے، ڈائریکٹر زراعت

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق ساہیوال ڈویژن میں گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت درخواستوں کے وصولی کا اغاز کر دیا گیا ہے۔سکیم کے تحت 50 ایکڑ تک کے زمیندار 10 اکتوبر تک اپنی درخواستیں جمع کروا سکتے ہیں۔ یہ بات ڈائریکٹر زراعت چوہدری شہباز اختر نے تفصیلات دیتے ہوئے بتائی۔ انہوں نے بتایا کہ ساہیوال ڈویژن میں 795 گرین ٹریکٹرز تقسیم کئے جائیں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ جن زمینداروں کا رقبہ کمپیوٹرائز ہے وہ آن لائن درخواستیں جمع کرائیں گے جبکہ نان کمپیوٹرائزڈ رقبے والے کاشت کاران اپنی درخواستیں متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع کے دفتر میں قائم ڈیسک پر جمع کروا سکتے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ کامیاب کاشتکاران گورنمنٹ کی طرف سے منظور شدہ 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبڈی حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔

بابا گورونانک کی 485 ویں برسی، جوتی جوت کی تقریبات اختتام پذیر

آخری دن بھوگ اکھنڈ پاٹھ کے ساتھ گوردوارہ سری دربار صاحب کرتار پور میں منایا گیا



شکرگڑھ (نامہ نگار) کرتار پور میں بابا گورو نانک دیو جی کی 485 ویں برسی ،جوتی جوت کی تقریبات اختتام پذیر ہوگئیں۔ان تقریبات کا آخری دن بھوگ اکھنڈ پاٹھ کے ساتھ گوردوارہ سری دربار صاحب کرتار پور میں منایا گیا،جس میں پاکستان اور بھارت سے آئے ہوئی سکھ برادری کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔تقریب میں خصوصی طور پر صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے پارلیمانی سیکرٹری سونیا عاشر، چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ ڈاکٹر سید عطاء الرحمن، اور پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PMU) کے انچارج ایڈیشنل سیکرٹری شرائن سیف اللہ کھوکھر کے ہمراہ شرکت کی۔تقریبات کے دوران نگر کیرتن کا جلوس نکالا گیا، جو گوردوارہ دربار صاحب سے شروع ہو کر پاک بھارت سرحد کے زیرو لائن تک لے جایا گیا۔اس موقع پر بابا گورو نانک دیو جی کے ساتھی بھائی مردانہ کے مجسمے کی نقاب کشائی بھی کی گئی۔ چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ ڈاکٹر سید عطاء الرحمن نے کہا کہ حکومت پاکستان نے سکھ مسلم دوستی کی عمدہ مثال قائم کی ہے، اور کرتار پور راہداری دنیا بھر کی سکھ قوم کے لیے ایک بہترین تحفہ ہے۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ اس مقدس مقام کو مزید خوبصورت اور سہولیات سے آراستہ بنایا جائے۔آخر میں، یاتریوں کو بابا گورو نانک دیو جی کے نام سے لگائے گئے باباجی کے باغ میں اگائے گئے پھلوں کا پرساد بھی تقسیم کیا گیا۔

گزشتہ روز سپر سٹار کبڈی کلب عینو باجوہ کی نئی کٹ کی رونمائی تقریب

مہمان خصوصی محترم اعجاز حسین باجوہ ممبر دار مرکزی چیئرمین اتفاق سوسائٹی عینو باجوہ و دیگر کی شرکت



شکرگڑھ (نامہ نگار) گزشتہ روز سپر سٹار کبڈی کلب عینو باجوہ کی نئی کٹ کی رونمائی تقریب ہوئی، جس مہمان خصوصی محترم اعجاز حسین باجوہ ممبر دار مرکزی چیئرمین اتفاق سوسائٹی عینو باجوہ، ضلعی صدر پاکستان پیپلز پارٹی یوتھ نارووال چوہدری اسلم باجوہ، مرکزی صدر اتفاق سوسائٹی عینو باجوہ نے شرکت کی اور سپر سٹار کبڈی کلب عینو باجوہ کے کھلاڑیوں میں کٹ تقسیم کی۔خصوصی تعاون محترم چوہدری رزاق باجوہ ممبر دار، محترم سجاد قادری نارووال آف دوبئی ، استاد علی ملک سراج اڈا، محترم جناب اشفاق ملک، محترم عباس علی باجوہ م، محترم چوہدری عرفان باجوہ، محترم جاوید باجوہ ، محترم ثاقب باجوہ، محترم سجاد باجوہ نے خصوصی تعاون کیا۔

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے زیر اہتمام انٹری ٹیسٹ کا انعقاد

جی سی یونیورسٹی مین کیمپس میں طالبات اور ڈی پی ایس میں طلباء کے لئے امتحانی مرکز قائم کئے گئے



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ضلعی انتظامیہ کے موثر انتظامی وحفاظتی اقدامات کی بدولت یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے زیر اہتمام میڈیکل و ڈینٹل کالجز میں داخلے کیلئے دو امتحانی سنٹر میں داخلہ ٹیسٹ خوشگوار و پرامن ماحول میں منعقد ہوا۔ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے وقفے وقفے سے امتحانی مراکز گورنمنٹ کالج یونیورسٹی اولڈ کیمپس اور ڈویژنل پبلک سکول وکالج مین کیمپس کا دورہ کیا اور انتظامی وحفاظتی اقدامات کو باریک بینی سے چیک کیا۔ جی سی یونیورسٹی مین کیمپس میں طالبات اور ڈی پی ایس میں طلباء کے لئے امتحانی مرکز قائم کئے گئے۔اسسٹنٹ کمشنر سٹی فیصل احمد کوجی سی یونیورسٹی جبکہ اسسٹنٹ کمشنر صدر رنگزیب گورایہ کو ڈی پی ایس کے انتظامی امور کے لئے نگران مقرر کیا گیا تھا۔داخلہ ٹیسٹ میں 6563، امیدواروں نے حصہ لیا جن میں 4613 طالبات اور 1950 طلباء شامل تھے۔دونوں امتحانی مراکز کی حدود میں دفعہ 144 نافذ اور سخت سیکورٹی انتظامات کئے گئے تھے۔ڈپٹی کمشنر نے کمرہ امتحانات میں پنکھوں کے فعال ہونے،روشنی کا مناسب انتظام اور پینے کے ٹھنڈے پانی کی دستیابی چیک کی۔انہوں نے مراکز میں ڈیوٹی سٹاف کی حاضری چیک کی اور صفائی کا معیار، پارکنگ ایریا مختص،والدین کے لئے سایہ دار ویٹنگ ایریا اور پینے کے پانی کی دستیابی کو ہمہ وقت یقینی بنانے کی تاکید کی۔انہوں نے میڈیکل کیمپ پر ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیا اور تمام ڈیوٹی افسران وسٹاف کو ٹیسٹ کے اختتام تک چوکس رکھا۔انہوں نے والدین سے انتظامات بارے دریافت بھی کیا۔انہوں نے اعلی صوبائی حکام کو بھی داخلہ ٹیسٹ کے انعقاد کی رپورٹ سے آگاہ رکھا۔

JS Digital کے بانی سید شہزاد کا فری لانسرز کے اعزاز میں عشائیہ

مقصد علاقے کے تجربہ کار افراد کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنا تھا



جھنگ (بیورو رپورٹ) JS Digital کے بانی سید شہزاد نے مقامی ہوٹل میں فری لانسرز اور مختلف قسم کے آن لائن کام کرنے والوں سے ملاقات کی جس میں مختلف مہارتوں کے حامل افراد نے شرکت کی اس موقع پر سید شہزاد نے کہا کہ اس ملاقات کا مقصد علاقے کے تجربہ کار افراد کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنا تھا تا کہ وہ اپنے تجربات شیئر کر سکیں اور موجودہ صورتحال کے بارے میں گفتگو کر سکیں ملاقات میں شامل تمام افراد پیشہ ورانہ مہارتوں کے حامل تھے اور ہر کوئی اپنی فیلڈ میں کافی تجربہ رکھتا تھا۔گفتگو کا محور نہ صرف آن لائن کام اور اس کے چیلنجز تھے بلکہ مستقبل کی منصوبہ بندی اور جھنگ جیسے علاقے میں فری لانسنگ کے مواقع کو بہتر بنانے پر بھی غور کیا گیا۔شرکاء نے اپنی ذاتی کامیابیوں اور مشکلات کا ذکر کیا اور ایک دوسرے کو مشورے دیے کہ کس طرح سے وہ مزید بہتر کام کر سکتے ہیں۔ساتھ ہی، عالمی حالات اور آن لائن مارکیٹ میں ہونے والی تبدیلیوں پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ ہمیں اپنے علاقوں میں مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر اپنے کام کو بڑھانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

پارکوں میں سہولیات عوام کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں، ملک محمد اکرام

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے ملک محمد اکرام نے کہا ہے کہ شہر کے پارکوں میں سہولیات عوام کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔سیر کے لئے آنے والوں کی طرف سے کھانے پینے کی پکی ہوئی اشیاء اور ریپرز رکھی گئی ڈسٹ بن کے علاوہ ادھر ادھر پھینکنے سے نہ صرف پارکوں میں گندگی پھیلتی ہے بلکہ اس سے وہاں آنے والوں کو بھی ذہنی کوفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔انہوں نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ پی ایچ اے کا عملہ دلجمعی سے پارکوں کی صفائی ممکن بنا تا ہے لیکن عوام کا تعاون نہ ہونے کے برابر ہے جس سے انہی کو ہی پریشانی ہوتی ہے۔

ڈی ایس پی (ر) ملک ذاکر حسین کھوکھر کی رہائش گاہ پر میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد

پاکپتن (محمد عمران تنجوعہ قوت) چک نمبر 67ڈی میں ڈی ایس پی ریٹائرڈ ملک ذاکر حسین کھوکھر کی رہائش گاہ پر ایک عظیم الشان محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد۔ڈی ایس پی ریٹائرڈ ملک ذاکر حسین کھوکھر اور ملک سعید ذاکر کھوکھر کی رہائش گاہ چک نمبر 67ڈی رکھیاں میں ایک روح پرور محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد کیا گیا محفل کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا ثناء خوانوں نے بارگاہ رسالت ﷺ میں ہدیہ نعت پیش کیا،حضور اکرم ﷺ کی شان بیان کی علماء اکرام نے سیرت النبی ﷺ پر مفصل بیان کیا اور حاضرین محفل کے دلوں کو نور سے منور کیا۔محفل میلاد میں سیاسی وسماجی شخصیات سمیت اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

حافظ آباد: سرکاری پراپرٹی واراضی کا نیلام عام 25 ستمبر کو ضلع کونسل ہال حافظ آباد میں ہوگا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ بورڈ آف ریونیو حکومت پنجاب کی جانب سے تحصیل حافظ آباد اور تحصیل پنڈی بھٹیاں میں واقع سرکاری پراپرٹی واراضی کا نیلام عام 25 ستمبر کو ضلع کونسل ہال حافظ آباد میں ہوگا۔نیلام عام میں حصہ لینے والے خواہش مند افراد متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر اور کالونی کلرک سے رابطہ کر سکتے ہیں۔جن سرکاری اراضی کا نیلام عام کیا جائے گا وہ حافظ آباد کے دیہات چک گیارہ، مدھریانوالہ، قلعہ عثمان غنی، بچھ کہنہ جبکہ تحصیل پنڈی بھٹیاں کے دیہات کوٹ سرور، مصطفیٰ آباد، مونا بنگلہ اور چوہدا حمد یار میں واقع ہے۔

بزنس کمیونٹی ملکی تعمیر وترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، ڈاکٹر طاہر حسین زیدی

وزیر آباد (نامہ نگار) بزنس کمیونٹی ملکی تعمیر وترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، بزنس کمیونٹی سے وابستہ ہر فرد اپنی مثال آپ ہے، وزیر آباد چیمبر آف کامرس کی تشکیل بزنس کمیونٹی کے حقوق کے تحفظ اور انکا مورال بلند کرانے میں اپنی توانائیاں لگاتا ہے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس مین بزنس کمیونٹی گروپ کی کامیابی بھی ہماری سوچوں کی ترجمانی ہے۔ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر طاہر حسین زیدی نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے نومنتخب عہدیداران علی ہمایوں بٹ ودیگر کے اعزاز میں استقبالیہ ڈنر کے موقع پر کیا۔تقریب میں محمد خالد مغل، میاں سعود الحسن، بابو احمد ظہیر، عرفان مشتاق مغل، ساجد حسین مہر، عرفان بٹ، ابرار نعیم، کامران عباس بھٹہ، میر ایاز عامر، عثمان جلیل، شہباز سرور بھٹی، آصف مغل، ڈاکٹر سید رضا سلطان ودیگر بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ رئیل ویژن گروپ علی ہمایوں بٹ اور انکی ٹیم کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

گسٹم انٹیلی جنس کی بڑی کارروائی 140 ملین کا نان کسٹم پیڈ مال پکڑ لیا

ہزار گنجی کوئٹہ سے فیصل آباد لائے جانے والے ٹرک (نمبر TLH-590) سے 1365 بیگز غیر قانونی سکمڈ ملک پاؤڈر برآمد کیا۔ یہ پاؤڈر میٹ پاؤڈر کی جعلی پیکنگ میں چھپایا گیا تھا

فیصل آباد (افشاں بتول) کسٹم انٹیلی جنس کی بڑی کارروائی، 140 ملین روپے مالیت کا نان کسٹم پیڈ سامان ضبط ڈائریکٹر جنرل کسٹم انٹیلی جنس اینڈ انوسٹی گیشن، جناب محمد علی رضا بنجر کی خصوصی ہدایت پر ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انوسٹی گیشن کسٹمز رینج آفس فیصل آباد کی ٹیم نے ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے کروڑوں روپے مالیت کا نان کسٹم پیڈ غیر ملکی سامان ضبط کرلیا۔ڈائریکٹر سعید وٹو، ایڈیشنل ڈائریکٹر محمد ممتاز علی رضا چودھری، اور ڈپٹی ڈائریکٹر حمزہ لک کی زیر نگرانی ٹیم نے ہزار گنجی کوئٹہ سے فیصل آباد لائے جانے والے ٹرک (نمبر TLH-590) سے 1365 بیگز غیر قانونی سکمڈ ملک پاؤڈر برآمد کیا۔ یہ پاؤڈر میٹ پاؤڈر کی جعلی پیکنگ میں چھپایا گیا تھا۔مزید کارروائی کے دوران نان کسٹم پیڈ غیر ملکی سامان جس میں کاجو، خشخاش، اور چائنا سالٹ شامل تھے، بھی قبضے میں لیا گیا۔کسٹم ایکٹ 1969 کے تحت ضبط کیے گئے سامان کی مجموعی مالیت 4.140 ملین روپے بتائی گئی ہے۔ریجنل ڈائریکٹر ملتان، سعید وٹو کے مطابق، کسٹم انٹیلی جنس کی ٹیمیں سمگلنگ کی روک تھام کے لیے مسلسل متحرک ہیں اور مزید تحقیقات جاری ہیں تا کہ ملک کی معیشت کو غیر قانونی تجارت سے بچایا جاسکے۔



تمام محکمے ڈینگی کی روک تھام کے لیے اپنے حفاظتی اقدامات اور سرگرمیوں کو جاری رکھیں، ڈپٹی کمشنر



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ تمام محکمے ڈینگی کی روک تھام کے لیے اپنے حفاظتی اقدامات اور سرگرمیوں کو جاری رکھیں۔ڈی ایچ کیو ہسپتال حافظ آباد اور ٹی ایچ کیو ہسپتال پنڈی بھٹیاں میں خصوصی انسداد ڈاؤنٹرز قائم کیے جائیں گے، ضلع کے تمام سکولوں، کالجوں میں طلبہ و طالبات کو ڈینگی سے بچاؤ کے حوالہ سے لیکچر اور آگاہی فراہم کی جائے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ا نسداد ڈینگی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمداللہ، اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عمر شریف راٹھور، ڈی ایچ او ڈاکٹر فائق علی تارڑ، سی ای او ایجوکیشن محمد انور جاوید سمیت تمام ضلعی محکموں کے افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔

شرقپور، بنگلہ سیکھانوالہ سٹاپ پر پیزیالو پیزا پوائنٹ کا افتتاح کر دیا گیا



شرقپور شریف (نامہ نگار) شرقپور، بنگلہ سیکھانوالہ سٹاپ پر پیزیالو پیزا پوائنٹ کا افتتاح کر دیا گیا۔شرقپور میں پیزیالو پیزا کی شاندار کامیابی کے بعد اب بنگلہ سیکھانوالہ سٹاپ پر نئی برانچ کا افتتاح کر دیا گیا،اس برانچ کا افتتاح پیزیالو پیزا کے سی او حافظ محمد حارث امین، محمد زین شیخ نے جرنٹ پریس کلب تحصیل شرقپور کے چیئرمین ملک وقاص رشید ،صدر عامر مجید نوشاہی ، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد شہباز لیگل ایڈوائزر فضل اللہ ،سیکرٹری نشر واشاعت خلیل احمد شرقپوری ،نائب صدر محمد احمد جٹ، ملک عثمان اقدس ،اور زیشان بلا کے ہمراہ فیتہ کاٹ کر کیا، پیزیالو پیزا پوائنٹ پر اہلیانہ علاقہ کے لئے مختلف فلیورز میں لزیز پیزا و دیگر فاسٹ فوڈ دستیاب ہوگا۔ جہاں پر شہریوں کے لیے تین دن تک خصوصی ڈسکاؤنٹ آفر کا بھی اعلان کیا ہے ،یہ آفر 23 ستمبر تک جاری رہے گی۔

پبلک ویلفیئر سوسائٹی احمد آباد نے فلیز پور دھیڑ میں فری آئی کیمپ لگایا



قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد پبلک ویلفیئر سوسائٹی احمد آباد نے قلعہ احمد آباد کے نواحی گاؤں فلیز پور دھیڑ میں فری آئی کیمپ لگایا جہاں سینکڑوں لوگوں نے آنکھوں کا معائنہ کروایا اور مفت ادویات حاصل کیں اس موقع پہ پبلک ویلفیئر سوسائٹی احمد آباد کے صدر مرزا شکیل احمد ونائب صدر ملک شہباز نے خود نگرانی کی اور کیمپ میں موجود رہے مرزا شکیل احمد نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مشن عوام الناس کی صحت اور تفریحی پروگرام منعقد کرنا تر جیحات میں شامل ہیں پبلک ویلفیئر سوسائٹی احمد آباد قلعہ احمد آباد کے ملحقہ گاؤں میں مختلف دنوں میں فری آئی کیمپ کا انعقاد کر رہی ہے

سیکشن آفیسر سہیل ریاض کو اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد تعینات کر دیا گیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حکومت پنجاب نے سیکشن آفیسر سہیل ریاض کو اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد تعینات کر دیا ہے جنہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض ادائیگی شروع کر دی ہے انکے پیش رو منور حسین کو اسسٹنٹ کمشنر پاکپتن تعینات کر دیا گیا ہے

پاسپورٹ آفس نارنگ شہر سے 80 کلو میٹر دور اہل علاقہ کو شدید پریشانی

6,6 ماہ قبل درخواستیں دینے والوں کی بھی شنوائی نہ ہو سکی ،ٹوکن لیا جائے،عوام علاقہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پاسپورٹ آفس نارنگ شہر سے 80 کلو میٹر دور اہل علاقہ کو شدید پریشانی کا سامنا 6,6 ماہ قبل درخواستیں دینے والوں کی بھی شنوائی نہ ہو سکی 160 کلو میٹر کا سفر کر کے زلیل وخوار ہو رہے ہیں مگر پاسپورٹ نہیں بنائے جاتے اہل علاقہ کا احتجاج تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی اور گردونواح کے باسیوں کو پاسپورٹ کے حصول کیلئے 80 کلو میٹر سفر طے کر کے شیخوپورہ جانا پڑتا ہے سارا سارا دن زلیل وخوار ہونے کے باوجود شنوائی نہیں ہوتی 6 ماہ قبل اپلائی کرنے کے باوجود باری نہیں آتی اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اہل علاقہ نے مطالبہ کیا ہے مرید کے نارنگ اور ارد گرد کے سینکڑوں دیہات کے لئے مرید کے کے قریب پاسپورٹ آفس کی سہولت فراہم کی جائے تا کہ تحصیل مرید کے کے رہائشیوں کی مشکلات کا خاتمہ ہو سکے اور چھ چھ ماہ تاخیر سے پاسپورٹ ملنے کا سخت نوٹس لیا جائے۔

اسسٹنٹ منیجر آپریشن لیسکو نارنگ ساوتھ عمران مبشر اور اسسٹنٹ منیجر آپریشن کی بجلی چوروں کیخلاف کارروائی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) اسسٹنٹ منیجر آپریشن لیسکو نارنگ ساوتھ عمران مبشر اور اسسٹنٹ منیجر آپریشن نارنگ ناردھ سلمان مجید کی بجلی چوروں کے خلاف کارروائی لاکھوں روپے جرمانے کر کے متعدد بجلی چور رنگے ہاتھوں پکڑ لیے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا منیجر آپریشن لیسکو سرکل شیخوپورہ عمر بلال چوہدری ڈپٹی منیجر آپریشن ڈویژن مریدکے رب یار کی واضح ہدایات کی روشنی میں ہماری ٹیمیں مسلسل شہر اور گردونواح میں دورے کر رہی ہیں ایک ایک کنکشن اور میٹر کو باقاعدگی کے ساتھ چیک کیا جا رہا ہے بجلی چوروں کو کوئی رعایت نہیں ملے گی ان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اب تک کروڑوں روپے جرمانے کر کے ہزاروں بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج کروائے جا چکے ہیں مزید کارروائیاں جاری ہیں شہری لیسکو کے ساتھ تعاون کریں اور بجلی چوری کی اطلاع دیں ان کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

عالمی ایوارڈ یافتہ قاری القرآن محمد ابوبکر کی جھنگ آمد

اہل علاقہ کی بڑی تعداد قاری ابوبکر کی جھلک دیکھنے کے لیے امڈ آئی



جھنگ (بیورو رپورٹ) عالمی ایوارڈ یافتہ قاری القرآن محمد ابوبکر کی جھنگ آمد، اہل علاقہ کی بڑی تعداد قاری ابوبکر کی جھلک دیکھنے کے لیے امڈ آئی تلاوت کلام پاک سے لوگوں کے قلوب کو منور کیا۔فخر پاکستان عالمی ایوارڈ یافتہ قاری محمد ابوبکر کی جھنگ روڈ ملہوانہ موڑ جامعہ مسجد گلزار مدینہ میں آمد تلاوت کلام پاک کر کے شرکاء کے دلوں کو روشن کر دیا اس موقع پر اہل علاقہ کے علاوہ نعت خواں، علماء کرام، علاقہ کی عظیم شخصیات جس میں حکیم محمد حنیف کھوکھر، ڈاکٹر ظفر اقبال پاتوانہ، طاہر بلال چشتی، سیف اللہ خالد، بلال صفدر، محمد آصف، محمد عمر الحسنی، مولانا محمد یوسف مجاہد نے قاری ابوبکر کا پرتپاک استقبال کیا پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں قاری محمد ابوبکر کی آمد کا سن کر ضلع بھر سے چھوٹے بڑوں اور بزرگوں کے جم غفیر سے مسجد میں جگہ کم پڑ گئی قاری محمد ابوبکر کے مسجد میں داخل ہوتے ہی شرکاء نے نعروں سے بھرپور حوصلہ افزائی کی اختتام پر اہل علاقہ اور انتظامیہ کی جانب سے قاری ابوبکر کو تحائف دیے گئے اور ملک پاکستان اور پاک فوج کی سلامتی اور فلسطین کے مسلمانوں کے لیے دعا کروائی گئی

ایف بی آر فوری طور پر ریٹیلرز کو سیلز ٹیکس اور پوائنٹ آف سیلز کے نوٹس دینا بند کرے، شیخ رضوان شوکت

28 اگست کی ہڑتال کے بعد مسائل کو حل کرنے کی سنجیدہ کوشش نہیں کی جارہی ہے



کانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ایف بی آر فوری طور پر ریٹیلرز کو سیلز ٹیکس اور پوائنٹ آف سیلز کے نوٹس دینا بند کرے۔وزیر اعظم پاکستان اور وزیر خزانہ فوری طور پر اس پر نوٹس لیں اور ریٹیلرز کے مسائل کو حل کریں شیخ رضوان شوکت تفصیلات کے مطابق جنرل سیکرٹری مرکزی کریانہ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

آئینی اختیارات کی کشمکش ادارہ جاتی قیادتوں کی بصیرت کا امتحان

بیکن ہاؤس اسکول سردار ایاز صادق کی جانب سے اسکولی مخصوص نشستوں کے حوالے سے ایکشن کمیشن کو بھیجا گیا نوٹس کے بعد قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے گزشتہ روز نئی پارلیمانی پوزیشن جاری کردی جس میں تحریک انصاف کا دعویٰ مسترد کردیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ 39 آزاد امیدوار جن کا تعلق پی ٹی آئی سے ہے انہوں نے مقررہ وقت میں سنی اتحاد کونسل کا رکن بننے کا اعلان نہیں کیا اس لئے انہیں سنی اتحاد کونسل کا رکن تصور نہیں کیا جاسکتا۔ اس سے قبل سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں 39 آزاد ارکان کو تحریک انصاف کا رکن اور 41 ارکان کو آزاد ڈیکلیئر کیا گیا تھا جبکہ ترسیمی اپیکشن (بیکن) کیک کی بنیاد پر تحریک انصاف کے 39 کے بجائے 41 ارکان کی گنتی کی گئی تھی اور 41 ارکان کے ساتھ سنی اتحاد کونسل کا رکن قرار دیا گیا ہے۔ اس تازہ فیصلے کے بعد تحریک انصاف کی مخصوص نشستیں 39 سے کم ہوکر 80 رہ گئی ہیں جبکہ مسلم لیگ ن کی 125 سے بڑھ کر 166 ہوگئی ہیں۔ اس فیصلے کے بعد پی ٹی آئی کے ارکان کی تعداد 80 رہ گئی ہے



قذافی اسٹیڈیم کا تعمیراتی کام کہاں تک پہنچا؟

محسن نقوی دیکھنے پہنچ گئے



محسن نقوی نے انگلوژرز، باکسز، خندق اور بیسمنٹ میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور ہر کام کو ٹائم لائن میں مکمل کرنے کی ہدایت کی

لاہور (شیروز میاں سے) چیمپئنز ٹرافی سے قبل قذافی اسٹیڈیم لاہور کی اپ گریڈیشن کے لیے جاری تعمیراتی کام میں تیزی آگئی۔ بیسمنٹ کی تعمیر کا کام آخری مرحلے میں داخل ہوگیا ہے جبکہ انگلوژرز کے سامنے لگے جنگلے اتار دیے گئے ہیں اور خندق کی کھدائی مکمل کرلی گئی ہے۔ چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی قذافی اسٹیڈیم میں جاری اپ گریڈیشن کے تعمیراتی منصوبے کا جائزہ لینے پہنچ گئے۔ انہوں نے اپ گریڈیشن پراجیکٹ کا دورہ کیا اور اسٹیڈیم کے اندر اور باہر جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ محسن نقوی نے انگلوژرز، باکسز، خندق اور بیسمنٹ میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور ہر کام کو ٹائم لائن میں مکمل کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ اپ گریڈیشن پراجیکٹ کے حوالے سے ایک ایک لمحہ قیمتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شائقین کرکٹ کی سہولت کیلئے ڈیجیٹل اسکور بورڈ کو مناسب جگہ پر نصب کیا جائے۔ پی سی بی کے چیئرمین نے کہا کہ لفٹ کی سہولت بیسمنٹ تک دی جائے جبکہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے قبل اسٹیڈیمز اپ گریڈیشن پراجیکٹ کی تکمیل یقینی بنائی جائے گی۔

عادل راشد نے 200 ون ڈے وکٹیں لیکر نئی تاریخ رقم کردی



لاہور (سپورٹس ڈیسک) انگلش اسپنر عادل راشد نے آسٹریلیا کے خلاف دوسرے ون ڈے میں 200 ویں وکٹ حاصل کرکے تاریخ رقم کردی۔ ہیڈنگلے لیڈز میں کھیلے گئے دوسرے ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں انگلش اسپنر عادل راشد نے 28 ویں اوور میں گلین میکسویل کو 7 رنز پر آؤٹ کرکے 200 وکٹوں کا سنگ میل حاصل کیا۔ راشد خان واحد اسپنر ہیں جنہوں نے انگلینڈ کیخلاف ون ڈے فارمیٹ میں 200 وکٹیں حاصل کرنے کا اعزاز اپنے نام کیا۔ اس سے قبل معین علی (111) اور گریم سوان (104) وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔ سال 2009 میں انگلینڈ کیخلاف ڈیبیو کرنے والے عادل راشد کو 6 سال بعد دوبارہ موقع ملا اور وائٹ بال ٹیم کا حصہ بنے اور معین علی کیساتھ انگلش ٹیم کی کامیابیوں میں اہم کردار ادا کیا۔ عادل راشد کی شاندار بالنگ کے باوجود انگلینڈ کی ٹیم آسٹریلیا کو ہوم گراؤنڈ پر ہرانے میں ناکام رہی اور مسلسل دوسرے ون ڈے میں شکست کا منہ دیکھنا پڑا۔

ورلڈ 6 ریڈ اسنوکر چیمپئن شپ: پہلے روز اسجد اور اویس کی شاندار کارکردگی

منگولیا (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کے اسجد اقبال اور اویس منیر نے آئی بی ایس ایف ورلڈ 6 ریڈ اسنوکر چیمپئن شپ 2024 کے پہلے روز شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے اپنے میچز جیت لیے۔ منگولیا میں شروع ہونے والی چیمپئن شپ میں دنیا بھر سے 40 کھلاڑی شریک ہیں، جنہیں 10 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر گروپ سے دو کھلاڑی ناک آؤٹ مرحلے میں پہنچیں گے۔ پاکستان کے کیوئسٹ اسجد اقبال نے پہلے روز منگولیا کے اولزبتوگ داداسورن کو با آسانی 4-1 سے شکست دی۔ اسجد نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے دو مرتبہ 75 کے بریک کھیلے۔ ان کی فتح کا فریم اسکور 18-50، 0-75، 82-0، 73-0، 64-0 رہا۔

سری لنکا اور نیوزی لینڈ کے درمیان ٹیسٹ میچ 6 روز میں تبدیل

لاہور (ویب ڈیسک) سری لنکا اور نیوزی لینڈ کے درمیان گال میں کھیلے جانے والے پہلے ٹیسٹ میچ میں 5 روز کے بجائے 6 دن کا کھیل ہوگا جس کی بنیادی وجہ سری لنکا میں ہونے والے صدارتی انتخابات ہیں، الیکشن کے باعث گزشتہ روز 'ہفتہ' کو کھیل نہیں ہوسکا۔ کھیلوں کی ویب سائٹ کرک انفو کی رپورٹ کے مطابق ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں دونوں ٹیموں کے درمیان 2 ٹیسٹ سیریز پر مشتمل پہلے میچ کا آغاز 18 ستمبر سے ہوا تاہم میچ کے 5 روز کے بجائے 6 روز ہونے کی وجہ سری لنکا میں ہونے والی صدارتی انتخابات ہیں۔ سری لنکا اور نیوزی لینڈ کے درمیان میچ کے ابتدائی تین دنوں کے کھیل کے بعد صدارتی الیکشن کے باعث ہفتہ کو آرام کا دن تھا، اس دوران کیوی کھلاڑیوں نے گال کے ساحل پر اپنا وقت گزارا جب کہ سری لنکن کھلاڑی انتخابی عمل میں مصروف رہے۔ خیال رہے کہ سری لنکا میں 2022 میں ہونے والی بدامنی کے بعد یہ پہلے عام انتخابات ہیں۔

چیمپئنز ٹرافی کے انتظامات کا جائزہ لینے آئے آئی سی سی کے وفد کی واپسی

تینوں وینیوز کراچی، راولپنڈی اور لاہور میں انتظامات کا جائزہ لیا



لاہور (سپورٹس ڈیسک) چیمپئنز ٹرافی 2025 کے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے آئی سی سی کا پاکستان آیا ہوا وفد دبئی واپس پہنچ گیا۔ پانچ رکنی آئی سی سی انسپکشن ٹیم نے پاکستان میں چیمپئنز ٹرافی کے انتظامات کا جائزہ لیا، سینئر منیجر اپونٹس سارہ ایڈگر، ایونٹ منیجر عون محمد زیدی دبئی واپس پہنچ گئے، جنرل منیجر کرکٹ وسیم خان اور سیکورٹی منیجر ڈیوڈ مسکر بھی واپس چلے گئے جبکہ آئی سی سی براڈ کاسٹ کنسلٹنٹ منصور منج پاکستان میں ہی مقیم ہیں۔ آئی سی سی انسپکشن ٹیم نے چیمپئنز ٹرافی کیلئے مقرر کردہ تینوں وینیوز کراچی، راولپنڈی اور لاہور میں انتظامات کا جائزہ لیا، انسپکشن ٹیم نے سیکورٹی انتظامات، لاجسٹک ہوٹل، پریکٹس وینیوز اور تینوں سٹیڈیمز پر اپ گریڈیشن کے لئے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ پی سی بی حکام کی جانب سے قذافی سٹیڈیم لاہور میں انسپکشن ٹیم کو بڑے تعمیراتی منصوبے پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

محمد ہریرہ کی ہر فارمیٹ کا کامیاب بیٹر بننے کی خواہش



لاہور (سپورٹس ڈیسک) چیمپئنز کپ میں شریک ٹیم ڈولفنز کے نوجوان بیٹر محمد ہریرہ کا کہنا ہے کہ ان کی خواہش ہے وہ ہر فارمیٹ میں کامیاب بیٹر بنیں اور اس مقصد کے حصول کے لیے وہ مسلسل محنت کر رہے ہیں۔ جیو نیوز کو خصوصی انٹرویو میں محمد ہریرہ نے بتایا کہ وہ ریڈ بال کرکٹ میں زیادہ کھیل چکے ہیں اور اسکا اچھا تجربہ ہے لیکن وائٹ بال میں ابھی زیادہ موقع نہیں ملا، کوشش ہے کہ وہ وائٹ بال کرکٹ میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائیں۔ محمد ہریرہ نے کہا کہ وہ اپنے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے آف سیزن میں بھی انتھک محنت کرتے ہیں اور غیر روایتی شاٹس کے ساتھ ساتھ نئے شاٹس کی پریکٹس کرتے ہیں۔

پاکستان کرکٹ بورڈ نے 3 کرکٹرز کو لیگز کھیلنے کی اجازت دیدی

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے اُسامہ میر، انور علی اور عثمان شنواری کو بگ بیش لیگ اور مائنر کرکٹ لیگ کھیلنے کی اجازت دے دی۔ پی سی بی نے اس کے ساتھ انور علی اور عثمان شنواری کو مائنر کرکٹ لیگ کے لیے این او سی جاری کیا ہے۔ پی سی بی نے اُسامہ میر کو 3 جنوبی سے 27 جنوری تک کے لیے بیگ بیش لیگ کھیلنے کا اجازت نامہ (این او سی) جاری کیا ہے۔ کرکٹ بورڈ نے دونوں کرکٹرز کو 20 ستمبر سے 6 اکتوبر تک کے لیے این او سی جاری کیا ہے۔

جیسن گلیسپی سلیکٹرز کے ساتھ مل کر ٹیم کو حتمی شکل دیں گے

جیسن گلیسپی اور گیری کرسٹن بھی مستقبل کی منصوبہ بندی کے لیے ملاقات کریں گے

لاہور (شیروز میاں سے) پاکستان انگلینڈ ٹیسٹ سیریز کے لیے پاکستانی اسکواڈ پر مشاورت آئندہ ہفتے کے دوران ہوگی۔ ریڈ بال ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی سلیکٹرز کے ساتھ مل کر ٹیم کو حتمی شکل دیں گے۔ ریڈ بال ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی کل لاہور پہنچ رہے ہیں جبکہ وائٹ بال ہیڈ کوچ گیری کرسٹن پہلے ہی پاکستان میں موجود ہیں اور فیصل آباد میں پیپسپینز ون ڈے کپ مانیٹر کر رہے ہیں۔ دونوں فارمیٹ کے کوچ 23 ستمبر کو کنڈیشن کیمپ میں شریک ہوں گے۔ جیسن گلیسپی اور گیری کرسٹن بھی مستقبل کی منصوبہ بندی کے لیے ملاقات کریں گے۔ جیسن گلیسپی سلیکٹرز سے مل کر ٹیسٹ اسکواڈ کو حتمی شکل دیں گے۔

محمد عامر کی ٹی ٹوئنٹی میں 350 وکٹیں مکمل



لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کے فاسٹ بولر محمد عامر کی ٹی ٹوئنٹی میں 350 وکٹیں مکمل ہوگئیں محمد عامر 350 ٹی ٹوئنٹی وکٹ لینے والے تیسرے پاکستانی بولر ہیں۔ قومی فاسٹ بولر نے آج کیریبین پریمیئر لیگ کے دوران یہ سنگ میل عبور کیا، انہوں نے انٹیگا اینڈ باربادوا کی جانب سے گیانا کے خلاف 2 وکٹیں لیں۔ پاکستان کے وہاب ریاض نے 413 اور سہیل تنویر نے 389 ٹی ٹوئنٹی وکٹیں حاصل کی ہیں۔

چیمپئنز کپ؛ مینٹور ٹیم کو ٹورنامنٹ کے بیچ تنہا چھوڑ کر امریکا روانہ



لاہور (سپورٹس ڈیسک) چیمپئنز ون ڈے کپ میں ماخورز کے مینٹور کو ٹورنامنٹ کو بیچ میں چھوڑ کر امریکا روانہ ہوگئے۔ قومی ٹیم کے سابق کپتان اور چیمپئنز کپ میں مینٹور کی خدمات سرانجام دینے والے مصباح الحق چیریٹی ایونٹس میں شرکت کیلئے ٹورنامنٹ کو ادھورا چھوڑ کر امریکا روانہ ہوگئے۔ رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ مصباح الحق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی اجازت سے امریکا میں طے شدہ چیریٹی پروگرام میں شرکت کیلئے روانہ ہوئے ہیں۔ مصباح نے مینٹور بنائے جانے سے قبل بورڈ کو آگاہ کردیا تھا کہ چیمپئنز کپ ونڈو کے دوران امریکا میں ہونے والے ایونٹ میں شرکت کریں گے۔



خواتین اپنی حالت کا ذمہ دار مردوں کو ٹھہراتی ہیں، شائستہ لودھی



کراچی (ویب ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی مقبول اداکارہ و ماڈل عائشہ عمر اور سابقہ میزبان شائستہ لودھی نے کہا ہے کہ خواتین اپنے لیے خود کھڑا ہونا سیکھیں۔ حال ہی میں شائستہ لودھی نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی جس کی میزبانی عائشہ عمر کررہی تھیں۔ اس پروگرام میں دونوں اداکاراؤں نے خواتین کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے معاشرے میں اکثر خواتین خود کو اتنا بے بس محسوس کرتی ہیں کہ وہ اپنی حالت کا ذمہ دار اپنے شوہر کو ٹھہراتی ہیں۔ شائستہ لودھی نے اپنی والدہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میری والدہ آج تک ہر پریشانی کا قصوروار میرے والد کو ٹھہراتی ہیں، والدہ کہتی ہیں کہ اگر ان کی زندگی خراب ہوئی ہے تو اس کے ذمہ دار میرے والد ہیں جبکہ حقیقت یہ نہیں ہے۔ اس پر عائشہ عمر نے کہا کہ میرے والد صاحب کا خاندان کافی بڑا ہے تو بڑے خاندان ہونے کی وجہ سے میری والدہ کے ساتھ جو بھی مسائل پیش آئے، وہ اس کے لیے میرے والد کو قصوروار سمجھتی ہیں۔

ایک وقت تھا امیتابھ پر پورا بالی ووڈ ہنس رہا تھا، رجنی کانت



ممبئی (ویب ڈیسک) بھارتی فلم نگری کے سپر اسٹار رجنی کانت نے امیتابھ بچن کی زندگی کے ان دنوں کا تذکرہ کیا جب پورا بالی ووڈ ان پر ہنس رہا تھا۔ رجنی کانت اور امیتابھ بچن 33 سال بعد فلم ویٹیائیان کے لیے ایک جگہ جمع ہوئے، جو 10 اکتوبر کو ریلیز کی جائے گی، فلم بین اس کا بڑی بے صبری سے انتظار کررہے ہیں۔ 1991ء میں فلم ہم کی ریلیز کی 3 دہائیوں کے بعد دونوں اسٹار اداکار ایک ساتھ پردے پر نظر آئیں گے، ویٹیائیان کے ذریعے جہاں امیتابھ بچن کا تیلگو انڈسٹری میں ڈیبیو ہو رہا ہے، وہیں رجنی کانت کی یہ 170 ویں فلم ہے۔ فلم کی آڈیو لانچنگ تقریب سے خطاب میں 73 سالہ رجنی کانت نے 82 سالہ امیتابھ بچن کے لیے جذباتی انداز میں گفتگو کی۔ 73 سالہ اسٹار اداکار نے کہا کہ امیت جی نے فلم سازی شروع کی تو انہیں بہت زیادہ مالی نقصان ہوا، ان کے پاس چوکیدار کی تنخواہ کے پیسے بھی نہیں تھے، اُن کا گھر نیلام ہوگیا، پورا بالی ووڈ ان پر ہنس رہا تھا، یعنی دنیا بس آپ کے زوال کی منتظر ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیکن لیجنڈ اداکار نے صرف 3 برس میں خود کو مالی طور پر مستحکم کیا، جو ہوئی اسی گلی میں 3 گھر خریدے، یہ متاثر کن عمل ہے، 82 برس کی عمر میں بھی یہ 10 گھنٹے کام کرتے ہیں۔ رجنی کانت نے اپنی گفتگو کے دوران امیتابھ بچن کے والد کا تذکرہ کیا اور بتایا کہ اُن کے والد بڑے مصنف تھے، وہ اپنے اثر و رسوخ سے کچھ بھی کرسکتے تھے۔

مایا علی نے اپنی شادی سے متعلق بتا دیا

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مایا علی نے اپنی شادی کی منصوبہ بندی سے مداحوں کو آگاہ کردیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ نے مداحوں کے ساتھ سوال جواب کا سیشن رکھا۔ دوران سوال جواب اداکارہ نے مداحوں کے دلچسپ سوالوں کے جوابات دیے اور ان کی محبت و خلوص پر ان کا شکریہ بھی ادا کیا۔ دورانِ سوال جواب سیشن ایک مداح نے اداکارہ سے سوال کیا کہ آنے والی پہلی پاکستانی نیٹ فلکس سیریز 'جو بچے ہیں سنگ سمیٹ لو' کا حصہ ہیں؟

ندا یاسر کا شوہر کے دوسری شادی سے متعلق بیان پر ردعمل آگیا

لاہور (ویب ڈیسک) معروف پاکستانی اداکارہ و پروگرام ہوسٹ ندا یاسر نے اپنے شوہر و اداکار یاسر نواز کے دوسری شادی سے متعلق بیان پر ردعمل دے دیا۔ گزشتہ دنوں یاسر نواز اپنی اہلیہ ندا اور بھائی دانش نواز کے پوڈکاسٹ میں شریک ہوئے جہاں انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرا مطالبہ ہے حکومت ایسا قانون لائے جس کے تحت بیوی ہر 15 سال کے بعد اپنے شوہر کی نئی شادی کرائے اور جو نہ کرائے اس کو جیل میں ڈال دیا جائے۔ اب حال ہی میں اداکارہ ندا یاسر فیصل قریشی کے پوڈکاسٹ میں بطور مہمان شریک ہوئیں جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر کھل کر گفتگو کی۔ پوڈکاسٹ کے دوران میزبان فیصل قریشی نے ندا سے ان کے شوہر یاسر نواز کے دوسری شادی سے متعلق بیان پر بارے سوال کیا جس پر ندا نے جواب دیا کہ میرے شوہر یاسر مستی مذاق میں ایسی باتیں کرتے ہیں، اگر وہ دوسری شادی سے متعلق بیان پر سنجیدہ ہوتے تو میں انہیں کبھی یہ بات کرنے ہی نہیں دیتی۔

عالیہ بھٹ کا ذہنی بیماری میں مبتلا ہونے کا انکشاف

ممبئی (ویب ڈیسک) بالی و ہالی ووڈ کی معروف اداکارہ عالیہ بھٹ نے اپنی شادی کے دن میک اپ آرٹسٹ کو میک اپ کا کام جلدی ختم کرنے کے لیے کیوں کہا تھا اس کی وجہ سامنے آگئی۔ حال ہی میں اداکارہ نے بھارتی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے اپنی شادی کے دن 2 گھنٹے تک بیٹھ کر میک اپ کروانے کے لیے منع کردیا تھا۔ انہوں نے اس کی وجہ بتاتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے اٹینشن ڈیفیسٹ ڈس آرڈر (ADD) ہے۔ داکارہ کا کہنا ہے کہ شادی والے دن میک اپ آرٹسٹ پونیت بی سینی نے مجھ سے میک اپ کے لیے دو گھنٹے کی درخواست کی تھی لیکن میں نے اسی بیماری کی وجہ سے ان کی درخواست رد کردی تھی۔

پریتی زنٹا کو کس فلمساز نے 600 کروڑ کی جائیداد کی آفر کی؟



ممبئی (ویب ڈیسک) بالی ووڈ کی 'ڈمپل گرل' پریتی زنٹا کو بھارتی فلمساز نے 600 کروڑ کی جائیداد کی پیشکش کی تھی لیکن اداکارہ نے انکار کردیا تھا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق فلمساز شاندار امروہی جو ممتاز تجربہ کار فلمساز کمال امروہی کے بیٹے ہیں، وہ پریتی زنٹا کو اپنی بیٹی سمجھتے تھے اور یہی وجہ تھی کہ وہ اپنی تمام جائیداد اداکارہ کے نام کرنا چاہتے تھے۔ یہ خبر بھارتی میڈیا پر سامنے آئی تو پریتی زنٹا نے یہ پیشکش ٹھکراتے ہوئے کہا کہ میں اپنے والد کی جگہ کسی کو نہیں دے سکتی، میرے حالات اتنے بُرے نہیں ہیں کہ مجھے دوسروں کی جائیداد لینے کی ضرورت پڑ جائے۔ دوسری جانب بھارتی میڈیا کے مطابق پریتی زنٹا کے انکار کے بعد فلمساز شاندار امروہی اپنے بیان سے ہی مُکر گئے تھے۔ شاندار امروہی کا کہنا تھا کہ میں پریتی زنٹا کو اپنی جائیداد نہیں دوں گا، میں ابھی زندہ ہوں، جب میرا مرنے کا وقت قریب آئے گا تو میں وصیت کردوں گا۔ فلمساز نے کہا تھا کہ میں اپنی جائیداد پریتی کے لیے کیوں چھوڑوں؟ کیوں نہ کترینہ کیف کے لیے چھوڑ دوں؟

عائزہ خان کا کرینہ کپور سے متاثر ہو کر اداکاری میں آنے کا انکشاف

کیپشن میں انہوں نے اپنے شوبز کیریئر کا سبب کرینہ کپور کو قرار دیا



ممبئی (ویب ڈیسک) مقبول اداکارہ و ماڈل عائزہ خان نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے بولی وڈ 'بے بُو' کرینہ کپور کو دیکھ کر اداکاری شروع کی۔ عائزہ خان نے انسٹاگرام پر مختصر ویڈیو شیئر کی، جس میں انہوں نے بولی وڈ اداکارہ کرینہ کپور جیسا میک اپ اور لباس پہن کر ان کے فلمی ڈائلاگوں پر منظر کشی کی۔ مختصر ویڈیو میں عائزہ خان کو کرینہ کپور کی طرح ادائیں دکھاتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے جب کہ وہ بولی وڈ اداکارہ کی مشہور فلم 'جب وی میٹ' کے ڈائلاگ بھی بولتی دکھائی دیتی ہیں۔ ویڈیو کے پس منظر میں کرینہ کپور کی فلم 'جب وی میٹ' کے ڈائلاگ اور گانے بھی سنائے دیتے ہیں۔ عائزہ خان نے ویڈیو کو شیئر کرتے ہوئے سوالیہ انداز میں کیپشن لکھا کہ کیا آپ کو معلوم ہے کہ میں نے کرینہ کپور کو دیکھ کر ہی اداکاری کا آغاز کیا؟ اسی طرح انہوں نے مزید سوالیہ انداز میں لکھا کہ کیا آپ کو اندازہ ہے کہ انہوں نے کرینہ کپور کی فلم 'جب وی میٹ' کتنی بار دیکھی ہے؟ کیپشن میں انہوں نے اپنے شوبز کیریئر کا سبب کرینہ کپور کو قرار دیا اور ان کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ اداکارہ کی ویڈیو پر صارفین نے کمنٹس کرتے ہوئے انہیں بولی وڈ کے بخار میں مبتلا ہونے پر آڑے ہاتھوں بھی لیا، تاہم ساتھ ہی انہیں یاد دلایا کہ وہ خود بھی معروف اور مقبول اداکارہ ہیں۔

مہوش حیات کے یورپ میں سیر سپاٹے، تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مہوش حیات کے یورپ میں سیر سپاٹوں کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ حال ہی میں اداکارہ مہوش حیات نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ سے چند تصاویر شیئر کیں جو مداحوں کے دلوں کو بھا گئیں۔ مذکورہ تصاویر میں اداکارہ بلیو جینز اور سویٹ شرٹ کے ساتھ گہرے نیلے رنگ کے کوٹ میں ملبوس ہیں اور یورپی ملک کی سیر و تفریح سے محظوظ ہو رہی ہیں۔ اس موقع پر اداکارہ نے بال کھول رکھے ہیں اور سن گلاسز لگائے مداحوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرا رہی ہیں، ہلکے میک اپ میں نازک ادائیں مہوش کے حسن کو دوآتشہ کر رہی ہیں۔ تصاویر نے سوشل میڈیا پر آتے ہی دھوم مچا دی، پوسٹ پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے پسندیدگی کا اظہار کیا جا رہا ہے جبکہ کمنٹ سیکشن میں مداح انہیں بالی ووڈ اداکارہ پریانکا چوپڑا سے تشبیہ دے رہے ہیں۔



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

پاکپتن چک اسداللہ پور میں محفل میلاد مصطفی ﷺ کا انعقاد

سینئر صحافی سید ابوالحسن شاہ؛ سید اکرام شاہ کی جانب سے محفل کا انعقاد



پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ سے) پاکپتن چک اسداللہ پور میں سینئر صحافی سید ابوالحسن شاہ؛ سید اکرام شاہ کی جانب سے ایک عظیم الشان محفل میلاد مصطفی ﷺ کا انعقاد کیا گیا۔ اس روح پرور محفل میں ایم ڈی بٹ سابق چیئرمین مارکیٹ کمیٹی سرفراز احمد نونی میاں ریاست علی مانیکا بانی پریس کلب پاکپتن سینئر صحافی ملک محمد علی صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب پاکپتن سینئر صحافی سید حسن عباس سیکرٹری اطلاعات بخاری عمران ہاشمی جنرل سیکرٹری امام خان پٹھان اور کثیر تعداد میں عاشقانِ رسول ﷺ نے شرکت کی۔ محفل میں نعت خوانی، درود وسلام اور خصوصی دعا کا اہتمام کیا گیا۔ مقررین نے نبی کریم ﷺ کی سیرتِ طیبہ پر روشنی ڈالتے ہوئے اُمت مسلمہ کو آپ ﷺ کے اخلاق حسنہ کی پیروی کرنے کی تلقین کی۔ اس موقع پر سید ابوالحسن شاہ نے شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالی سب کو نبی کریم ﷺ کی محبت اور اتباع نصیب فرمائے محفل کا اختتام پر لنگر کا زبردست اہتمام کیا گیا اور اجتماعی دعا پر ہوا۔

جی ٹی روڈ پکے سٹاپ کے قریب نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں دن دیہاڑے ڈکیتی

مریدکے (تحصیل رپورٹر) جی ٹی روڈ پکے سٹاپ کے قریب نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں شہری ندیم کے گھر میں دن دیہاڑے ڈکیتی کی واردات گھر والوں کو یرغمال بنا کر تین مسلح ڈاکوؤں نے ہزاروں روپے نقدی پانچ موبائل فون طلائی بالیاں چھین لی اور ڈاکو کار پر سوار ہو کر فرار ہو گئے تفصیل کیمطابق جی ٹی روڈ پکے سٹاپ کے قریب نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں شہری کے گھر دن دیہاڑے ڈکیتی کی واردات ہو گئی تین مسلح ڈاکوؤں نے گھر والوں کو یرغمال بنا لیا اور طلائی بالیاں پانچ موبائل ہزاروں روپے نقدی چھین لی اور کار پر فرار ہو گئے سٹی پولیس نے فنگر پرنٹ ٹیم بلوائی اور حسب ضابطہ کاروائی کا آغاز کر دیا۔

حافظ آباد میں خوانچہ فروشوں، سبزی فروشوں اور گداگروں نے ساؤنڈ ایکٹ کی دھجیاں اڑا دیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں خوانچہ فروشوں، سبزی فروشوں اور گداگروں نے ساؤنڈ ایکٹ کی دھجیاں اڑا دیں۔ شہریوں کے لئے گلی محلوں میں ہمہ وقت اسپیکرز چلنے سے آرام کرنا بھی محال ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے ایک جانب مساجد میں اسپیکرز چلانے پر پابندی عائد کر رکھی ہے لیکن دوسری جانب حافظ آباد شہر میں خوانچہ فروشوں نے رکشوں، گدھا گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر اسپیکرز لگا کر اپنی اپنی اشیاء فروخت کرنے کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے جبکہ گداگروں کی کثیر تعداد بھی میگا فون اٹھائے بھیک مانگتے پھرتی

اوپن ڈور پالیسی کی باعث عوام کے بے شمار مسائل بھی حل ہونے لگے ہیں، ڈپٹی کمشنر

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ضلع بھر میں نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کے مختلف سرکاری دفاتر اور ہسپتالوں کے اچانک دوروں سے نہ صرف محکمہ جات اور ہسپتالوں میں بہتری آرہی ہے بلکہ انکی اوپن ڈور پالیسی کی باعث عوام کے بے شمار مسائل بھی حل ہونے لگے ہیں۔ ان خیالات ک اظہار عوامی محاذ حافظ آباد کے ایک اجلاس میں کیا گیا جو ضلعی صدر رانا خالد محمود کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ ڈپٹی کمشنر نے جس انداز میں بس اسٹینڈز اور اڈوں پر جا کر کرایہ جات کی کمی کے بارے مسافروں سے فیڈ بیک لیکر زائد کرایہ وصول کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف کاروائی کی ہے اس سے بھی مسافروں کو کرایہ جات میں ریلیف ملنے لگا ہے۔ اجلاس میں مطالبہ کیا گیا شہر بھر میں جن بااثر افراد نے اپنی عمارات اور دوکانوں کے آگے ناجائز تعمیرات قائم کر رکھی ہیں انہیں تجاوزات قرار دیکر فوری طور پر مسمار کیا جائے تاکہ شہر بھر میں ٹریفک رواں دواں رہ سکے۔

ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ضلعی انتظامیہ کی نااہلی ناقص کارکردگی

مالکان کی ملی بھگت سے آگ لگنے کی بوگس رپورٹس تیار کی جانے لگی

مریدکے (تحصیل رپورٹر) ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ضلعی انتظامیہ کی نااہلی ناقص کارکردگی اور دیرینہ تعیناتی نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا بے ضابطگیوں کے مبینہ انکشافات انشورنس کی رقم سمیت ضلع میں درجنوں نجی فیکٹریوں گوداموں کے مالکان کی ملی بھگت سے آگ لگنے کی بوگس رپورٹس تیار کی جانے لگی شہریوں کا وزیراعلی پنجاب سے آڈٹ کروانے کا مطالبہ تفصیل کیمطابق ریسکو ضلعی آفیسر کی نااہلی ناقص کارکردگی اور دیرینہ تعیناتی نے ریسکیو 1122 کا ضلع بھر میں موراں داون کر دیا حادثات میں ریسکیو کا تاخیر سے پہنچنا ریسکیو اسٹیشن پر کھڑی فائر بریگیڈ کا بروقت آگ لگنے والی جگہ پر نہ پہنچنا پٹرول اور گاڑیوں کی ٹوٹ پھوٹ کا بہتر آڈٹ سسٹم نہ ہونا انشورنس کی آڑ میں نجی فیکٹریوں اور گوداموں کے مالکان سے سازباز ہو کر آگ لگنے سمیت کسی قسم کے نقصان کی صورت میں بوگس رپورٹس تیار کرنا فیکٹریوں میں ایس او پیز قائم نہ کروانا مریضوں کا زیادہ رحمان ہسپتالوں میں رکشہ پر جانا طے ناقص کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت پیش کرتا ہے ضلع بھر کی تاجر تنظیموں رفاہی وسماجی اداروں نے وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف چیف سیکرٹری پنجاب ریسکیو اعلی حکام سے ریسکیو 1122 ڈسٹرکٹ آفیسر کو فوری تبدیل کرتے تعیناتی کے دوران تمام ملنے والے وسائل کا آڈٹ کرنے کا مطالبہ کیا ہے ضلعی آفیسر کو متعدد بار موقف لینے کی لیے کال کی گئی لیکن کال ریسیو نہ کی گئی۔

آستانہ عالیہ گنج گوھر بھٹی کے شریف میں 79 ویں سالانہ محفل نعت کا اہتمام کیا گیا

وزیرآباد (نامہ نگار) آستانہ عالیہ گنج گوھر بھٹی کے شریف میں 79 ویں سالانہ محفل نعت کا اہتمام کیا گیا جسمیں صوفی محمد خالد چشتی اویسی، ملک محمد شہباز کلیار، صاحبزادہ حافظ محمد کاشف چشتی، اسسٹنٹ کمشنر رب نواز چدھڑ، ایم پی اے وقار احمد چیمہ، مقتصد علی گوندل، ذوالفقار قمر آفریدی، ملک محمد یوسف چاند، حاجی عبدالرشید چشتی، محمد زبیر چشتی، پیر ساجد چشتی، قاری سعید احمد ارشد، احمد یار وڑائچ، محمد امین، محمد اویس چشتی، حاجی محمد اختر، احسان اللہ، محمد طفیل وائیں والے، علی یونس بٹ، محمد علی رفیق سمیت سینکڑوں افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر صوفی محمد خالد چشتی اور صاحبزادہ حافظ محمد کاشف چشتی نے کہا کہ آقاؐ دو جہاں ہر جن و بشر کے لئے رحمت بن کر آئے آپؐ کی آمد سے دنیا میں کفر وظلمات کے چھائے بادل چھٹ گئے۔ انسانیت کو مہربان راہنما مل گئے۔ سکتی انسانیت کو قرار حاصل ہو گیا مظلوموں بے کسوں کو جینے کا ڈھنگ آگیا۔ ربیع الاول کا مہینہ ہر مسلمان کی خوشی ومسرت کا مہینہ ہے اس ماہ مبارک میں خالق کائنات نے اپنے پیارے محبوب حضرت محمد مصطفی کو دنیا میں معبوث فرمایا۔

تھانہ کوٹلی لوہاراں: مزاحمت پر 64 سالہ شہری مضروب، ڈی پی او نے نوٹس لے لیا

لواحقین سے ملاقات، ملزمان کی گرفتاری کے لیے ضلع بھر میں ناکہ بندی



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او سیالکوٹ کا تھانہ کوٹلی لوہاراں کے علاقہ میں 2 کس ڈاکوؤں کی واردات کے دوران مزاحمت پر فائرنگ سے 64 سالہ شہری کے مضروب ہونے کا فوری نوٹس، ہسپتال پہنچ گئے اور لواحقین سے ملاقات، ملزمان کی گرفتاری کے لیے ضلع بھر میں ناکہ بندی۔ تھانہ کوٹلی لوہاراں کے علاقہ بلانوالہ کے قریب 2 کس مسلح نامعلوم بسواری موٹر سائیکل ہنڈا 125 نے واردات کے دوران 64 سال ملک سرور ولد محمد حسین سکنہ کھمبر انوالہ کو مزاحمت پر فائرنگ کر کے مضروب کر دیا اور فرار ہو گئے، اطلاع ملنے پر ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق نے فوری نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کے گرفتاری کے لیے شہر بھر میں سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر ناکہ بندی کروادی۔ ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق علامہ اقبال ہسپتال پہنچے اور مضروب شہری کے لواحقین سے ملاقات کی اور کہا کہ وقوعہ میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

ایوان صنعت وتجارت چنیوٹ کے انتخابات کا عمل مکمل

فہد نعیم فخری صدر، غلام شبیر سنیئر نائب صدر اور جاوید سلیم گجر نائب صدر منتخب ہو گئے



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایوان صنعت و تجارت چنیوٹ کے انتخابات کا عمل مکمل، فہد نعیم فخری صدر، غلام شبیر سنیئر نائب صدر اور جاوید سلیم گجر نائب صدر منتخب ہو گئے، ایوان صنعت وتجارت بزنس کمیونٹی کے فلاح کے لیے توقعات پر پورا اترے گی نو منتخب عہدیداران کا اظہار خیال تفصیلات کے مطابق چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات سال 2024/26 کا عمل مکمل ہو گیا فہد نعیم فخری بلا مقابلہ صدر ایوان صنعت تجارت چنیوٹ منتخب ہو گئے جبکہ غلام شبیر سنیئر نائب صدر، جاوید سلیم گجر نائب صدر کی سیٹ پر کامیاب ہوئے۔ چیمبر مین الیکشن کمیشن عامر صدیقی نے کامیاب ہونے والے اُمیدواروں کا اعلان کر دیا۔ مرزا تیمور، مہتاب رضا، شیخ انوار الحق، عزیر الرحمن، اسماء دانش، یاسر فخری اینگو کیٹمبر منتخب ہو گئے۔ نئے منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران وسابق صدر دانش نعیم فخری کی جانب سے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دی گئی، چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تمام ممبران کا مشکور ہوں، نو منتخب صدر فہد نعیم فخری کا اظہار خیال انہوں نے کہا کہ چنیوٹ چیمبر آف کامرس کی کابینہ بزنس کمیونٹی کی فلاح کے لیے کام کریگی اور تاجروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے میں چیمبر آف کامرس کے تمام ممبران کا مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا میں اپنے تمام ممبران کی توقعات پر پورا اتروں گا۔

چوہدری امیر حسین کا عرفان اللہ وڑائچ کی حمایت کا اعلان

سیالکوٹ بار انتخابات میں ایس۔ایںڈ۔اے صدارتی امیدوار جیتے گا، سابقہ لاء منسٹر



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سابق صدر پاکستان، سپیکر قومی اسمبلی وسابقہ فیڈرل لاء منسٹر چوہدری امیر حسین ایڈووکیٹ نے سنیئر وکیل عثمان رفاقت کے ہمراہ اپنی ساتھی وکلاء رحیم کے ہمراہ امیدوار صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کی کھلی حمایت اور ووٹ وسپورٹ کا اعلان کیا۔ اس خصوصی نشست میں چوہدری عرفان اللہ وڑائچ ، ایس۔ایںڈ۔اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان، رانا نصراللہ خان، چوہدری بشیر، حارث بگو و محمد عثمان ایڈووکیٹس نے شرکت کی۔ اس موقع پر سنیئر سیاستدان چوہدری امیر حسین نے کہا کہ ہمیں ایس۔ایںڈ۔اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان سمیت اپنے سنیئر و جونیئر وکلاء رجیم پر فخر ہے جن کی ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کیلئے لازوال خدمات ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ رول آف لاء کیلئے عملی جدوجہد کرنے والے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے تمام قابل وکلاء ایک پلیٹ فارم پر وکلاء کی فلاح و بہبود کیلئے مثبت عملی کاوشیں کر رہے ہیں۔

شکرگڑھ: ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا اجلاس



شکرگڑھ (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا اجلاس۔ ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ڈی او انڈسٹریز ذیشان نیاز نے اسسٹنٹ کمشنر کو پرائس مجسٹریٹس کی طرف سے کی جانے والی کاوائیوں کے بارے فرداً فرداً آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پرائس مجسٹریٹس کے اجلاس کا مقصد عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز نے ڈپٹی کمشنر ناروال کو بتایا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی طرف سے ضلع بھر میں یکم ستمبر سے 19 ستمبر کے دوران 8 ہزار 528 انسپکشنز کی گئی، جن میں 588 دوکاندار خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے، جنہیں مجموعی طور پر 32 لاکھ 33 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا، خلاف ورزی پر 2 مقدمات درج کر کے 3 افراد کو پابند سلاسل کیا گیا۔

آسمان کی طرف

جرم وسزا



انسپکٹر نعمان بٹر کی کاروائی، ڈکیت گینگ گرفتار، مال: مسروقہ برآمد

ایس۔ایچ۔او حاجی پورہ کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ پولیس کا ڈاکوؤں کے خلاف گھیرا تنگ، ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث 3 ڈاکوؤں کا گینگ سرغنہ سمیت گرفتار، 15 وارداتیں ٹریس، ملزمان کے قبضہ سے مال مسروقہ نقدی 2 لاکھ روپے، طلائی زیورات 4 تولے، 4 قیمتی موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز 3 عدد پسٹل 30 بور معہ 30 گولیاں برآمد کی گئیں ہیں۔ گرفتار ملزمان سے تفتیش جاری ہے، جن سے مزید برآمدگی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق نے پولیس ٹیم میں شامل تمام افسران وملازمان کیلئے تعریفی سرٹیفکیٹس اور نقد انعام کا اعلان کیا ہے۔ ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ انسپکٹر نعمان احمد بٹر نے پولیس ٹیم کے ہمراہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ڈاکوؤں کے اسلحہ عرف دادو گینگ کو سرغنہ سمیت گرفتار کر لیا، ملزمان کے نام کی شناخت 1. ارسلان عرف دادو ولد منظور حسین سکنہ عدالت گڑھا، سیالکوٹ 2 محمد عظیم ولد محمد اسحاق قوم جٹ سکنہ کینٹ بلال ٹاؤن گوجرانوالہ۔ 3. چاند ولد فیاض سکنہ گنجیانوالی، سیالکوٹ ملزمان کے قبضہ سے مال مسروقہ جس میں نقدی 2 لاکھ روپے، طلائی زیورات 4 تولے، 4 قیمتی موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز 3 عدد پسٹل 30 بور معہ 30 گولیاں برآمد کی گئیں ہیں۔ گرفتار ملزمان سے تفتیش جاری ہے، جن سے مزید برآمدگی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق نے پولیس ٹیم میں شامل تمام افسران وملازمان کیلئے تعریفی سرٹیفکیٹس اور نقد انعام کا اعلان کیا ہے۔

ڈرائیونگ لائسنسوں کے اجراء میں میرٹ کی بالادستی ہماری اولین ترجیح ہے، محمد عمران

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پولیس پنجاب مرزا فرحان بیگ، ڈی پی او شیخ بلال ظفر کی خصوصی ہدایت پر ڈی پی او ایس پی ٹریفک میاں طارق جمیل کی نگرانی میں انچارج ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ انسپکٹر محمد عمران نے کہا ہے کہ ڈرائیونگ لائسنسوں کے اجراء میں میرٹ کی بالادستی ہماری اولین ترجیح ہے امیدواروں کے کوائف کی تکمیل میں کوئی تاخیر لاحق نہیں جبکہ کمپیوٹرائزڈ سکلز ٹیسٹ میں پاس ہونے والے امیدواروں کو ہی ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے جارہے ہیں ڈرائیونگ قوانین سے آگاہی کے بغیر لائسنس کا حصول ممکن نہیں لہذا شہری ڈرائیونگ قوانین سے مکمل آگاہی اور ڈرائیونگ سکلز میں مہارت کے بعد ہی ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے کوائف جمع کروائیں تاکہ انہیں میرٹ پر بروقت لائسنس میسر آسکیں۔

ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کا ڈی پی او آفس ساہیوال میں اردل روم کا انعقاد

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم پراے) ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کا ڈی پی او آفس ساہیوال میں اردل روم کا انعقاد۔ کرپشن اور اختیارات کے ناجائز استعمال پر 3 پولیس افسران وملازمان ڈسمس فراہم سروس، 2 پولیس افسران جبری ریٹائرڈ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد نے ڈی پی او آفس ساہیوال میں اردل روم کا انعقاد کیا۔ اردل روم میں ضلع بھر سے 41 پولیس افسران وملازمین پیش ہوئے، کانسٹیبل ضہاب علی کو اختیارات سے تجاوز کرنے جبکہ کانسٹیبل محمد رضوان اور خالد مصطفی کو کرپشن کی شکایات پر ڈسمس فراہم سروس کرنے کے احکامات جاری کیے۔

دیپالپور کا نواحی گاؤں 55/بی ڈی میں ڈکیتی کی واردات

ہونڈا پلاٹینا فارموٹر سائیکل اور نقدی رقم ڈکیتیوں نے ڈکیتی کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور کا نواحی گاؤں 55/بی ڈی میں ڈکیتی کی واردات ڈکیت ناکہ لگا کر گرگن پوائنٹ پر محمد امیر پٹواری کا 125 سی ہونڈا پلیٹ فارموٹر سائیکل اور نقدی رقم ڈکیتیوں نے ڈکیتی کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تفصیل کے مطابق محمد امیر پٹواری چک 56/AD سے آرہا تھا 12 بجے کے قریب ڈکیٹ جنگل کے درمیان ناکہ لگا کھڑے تھے جب مجھے دیکھا تو مجھے رو کر گرگن پوائنٹ پر مجھے مارنا پیٹنا شروع کر دیا اور میرا موٹر سائیکل اور نقدی رقم چھین کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے ہم جائیں تو کہاں جائیں ہم نے 15 پر کال کی تھانہ صدر دیپالپور کی چوکی پکی پہاڑ کے انچارج محمد تنویر بلوچ Asi اور کلیم حسن مقامی پولیس موقع پر پہنچ کر کاروائی شروع کر دی ہماری ڈی پی او اوکاڑہ راشد صاحب سے اپیل ہے کہ ڈکیتوں کو پکڑ کر سخت سے سخت سزا دی جائے اور ہماری ریکوری واپس کرائی جائے۔

شہر اور گردونواح میں جگہ جگہ منی پٹرول پمپس کھل گئے

گنجان آباد علاقوں میں بارود کی ٹینکیاں خوف پھیلانے لگیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شہر اور گردونواح میں جگہ جگہ منی پٹرول پمپس کھل گئے گنجان آباد علاقوں میں بارود کی ٹینکیاں خوف پھیلانے لگیں انتظامیہ خاموش تماشائی تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی اور گردونواح میں جگہ جگہ غیر قانونی منی پٹرول پمپس کھل چکے ہیں گنجان آباد علاقوں میں آگ لگنے کے عدثات کے باوجود انتظامیہ نے چپ سادھ لی ہے اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ عمران مارتھ سے مطالبہ کیا ہے کہ نارنگ اور گردونواح میں منی پٹرول پمپس کو ختم کروانے کیلئے اقدامات کیے جائیں متعدد بار ان پٹرول کی بڑی ٹینکیوں کی وجہ سے آگ لگنے کے بیشتر واقعات پیش آچکے ہیں اس کے باوجود انتظامیہ نے اپنی آنکھیں نہیں کھولیں مستقبل میں کسی بڑے حادثے کا باعث بن سکتی ہیں۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کے پی اے پر رشوت کے جھوٹے الزامات نامعلوم لیڈی ہیلتھ ورکر کی من گھڑت شکایت کی تحقیقات کے لیے ایف آئی اے میں درخواست دائر

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر+رانا اسامہ سے) ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کے پی اے پر رشوت کے جھوٹے الزامات نامعلوم لیڈی ہیلتھ ورکر کی من گھڑت شکایت کی تحقیقات کے لیے ایف آئی اے میں درخواست دائر تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ننکانہ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) کے پرسنل اسسٹنٹ (پی اے) محمد علیم نے اپنی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوششوں کے خلاف ایف آئی اے سے رجوع کیا ہے محمد علیم نے ایف آئی اے کو دی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا ہے کہ ایک نامعلوم لیڈی ہیلتھ ورکر کی جانب سے ان پر غیر قانونی طور پر رقم طلب کرنے اور غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے جھوٹے اور بے بنیاد الزامات لگائے گئے ہیں۔ ان الزامات کو بنیاد بنا کر ایک جعلی چیٹ تیار کی گئی جس میں یہ ظاہر کیا گیا کہ انہوں نے چھٹیوں کی منظوری کے عوض پچاس ہزار روپے رشوت طلب کی ہے۔ شکایت میں بتایا گیا کہ یہ جعلی پیغام سوشل میڈیا کے واٹس ایپ گروپ کے ذریعے گردش کر رہا ہے، جس کا مقصد ان کی ساکھ کو شدید نقصان پہنچانا اور انہیں بدنام کرنا ہے۔ محمد علیم نے کہا کہ شکایت کنندہ نے اپنی شناخت چھپائی ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کسی نے ذاتی عناد یا سازش کے تحت ان پر یہ الزامات عائد کیے ہیں۔ محمد علیم نے ایف آئی اے سے درخواست کی ہے کہ شیخوپورہ کے پوسٹ آفس سے بھیجے گئے اس شکایت نامے اور متعلقہ واٹس ایپ پیغامات کی مکمل چھان بین کی جائے تاکہ اصل ذمہ داروں کا پتہ چلایا جا سکے اور انصاف کے تقاضے پورے ہوں۔



شہری آبادیوں کے قریب عرصہ دراز سے بنے ہوئے فلٹھ ڈپو ختم نہ کئے جانے پر شہریوں کا شدید ردعمل کا اظہار

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شہری آبادیوں کے قریب عرصہ دراز سے بنے ہوئے فلٹھ ڈپو ختم نہ کئے جانے پر شہریوں نے شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے شہریوں کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ کوڑا کرکٹ روزانہ کی بنیاد پر شہری رہائشی آبادیوں اور تجارتی مراکز سے اٹھا کر ٹھکانے لگائے تاکہ شہریوں کو صاف آب وہوا اور بہترین ماحول فراہم کیا جاسکے مگر احمد پورہ سمیت مختلف مقامات پر عرصہ دراز سے فلٹھ ڈپو قائم ہیں جن میں میونسپل کمیٹی کا عملہ صفائی روزانہ بڑے پیمانے پر کوڑا کرکٹ جمع کرتا ہے جسے کئی کئی روز تک ان فلٹھ ڈپوؤں میں پڑا رہنے دیا جاتا ہے۔

ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے عارف والا میں تین روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد

علاقہ کی سماجی شخصیت رضوان ڈوگر نے تمام انتظامات کیئے

ڈاکٹر خالد ڈوگر، ڈاکٹر مریم احسان ڈوگر اور ڈاکٹر لیاقت ڈوگر نے اعزازی خدمات سرانجام دیں

عارف والا (تحصیل رپورٹر) ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ، جو اپنی سماجی فلاحی خدمات کے لیے ملک بھر میں جانا جاتا ہے، نے ایک اور مثالی اقدام کرتے ہوئے عارف والا میں تین روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا۔ یہ کیمپ 20 ستمبر سے 22 ستمبر تک چک EB/76 کھوہ ڈوگراں میں رضوان ڈوگر کے ڈیرہ پر لگایا گیا۔ کیمپ میں معروف آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر خالد ڈوگر۔ میڈیکل سپیشلسٹ ڈاکٹر لیاقت ڈوگر اور ڈاکٹر مریم احسان ڈوگر جو کہ امریکہ سے تشریف لائی تھیں نے اپنی میڈیکل ٹیم کے ہمراہ اعزازی طور پر خدمات سرانجام دیں۔ اس فری آئی کیمپ میں گزشتہ تین روز میں سات سو مریض چیک جبکہ ستر افراد کی آنکھوں کے آپریشن کیئے گئے۔ تمام مریضوں کو مفت دوائیں اور عینکیں مہیا کی گئیں۔ ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے چیئرمین سردار جاوید اقبال ڈوگر کا کہنا ہے کہ یہ فری آئی کیمپ رضوان ڈوگر کے تعاون سے ان کے والد عبدالرحمن جامی ڈوگر میموریل فری ائی کے نام پر لگایا گیا، جو کہ معاشرتی خدمت کا ایک بے مثال مظہر ہے۔ رضوان ڈوگر کی سماجی خدمات اور ان کے عزم نے اس کیمپ کے انعقاد میں اہم کردار ادا کیا۔ ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام اب تک ملک بھر میں 3500 سے زائد فری آئی کیمپس منعقد کیے جا چکے ہیں، جن میں ہزاروں مریضوں کی آنکھوں کا کامیاب علاج کیا گیا ہے۔ یہ تنظیم اپنی شاندار خدمات اور بہترین انتظامی صلاحیتوں کی وجہ سے معاشرے کے ہر طبقے میں عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہے۔ یہ کیمپ بھی ان ہی اعلی روایات کا تسلسل تھا، جہاں مریضوں کے مفت معائنے اور علاج کے ساتھ ساتھ جدید میڈیکل آلات کا استعمال کیا گیا۔ اس کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی بہترین مفت طبی سہولیات فراہم کرنا ہے۔

قائد ریاض الدین شیخ کو اتحاد فاؤنڈرز گروپ کی کامیابی مبارک، نواز انصاری



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ کے انتخابات میں اتحاد فاؤنڈرز گروپ کی فقید المثال کامیابی پر نیشنل بزنس کمیونٹی کے بے تاج بادشاہ گروپ لیڈر ریاض الدین شیخ کو سیالکوٹ ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ انڈسٹری کی جانب سے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ کے جانے مانے بزنس مین و چیئرمین پاکستان انصاری فاؤنڈیشن محمد نواز انصاری و ڈائریکٹر اللہ مالک ڈائن ان و اے۔ ایم کا ٹیلینٹڈ عمر دراز انصاری نے میڈیا ٹاک میں کیا۔

جھنگ: ڈی پی او بلال افتخار کیانی قانون شکن عناصر کے خلاف متحرک ہو گئے

اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے لیے مخبری کے نیٹ ورک کو وسیع کریں، اشتہاری مجرمان کو پناہ دینے والے سہولت کاروں کے گھروں پر ریڈ کریں



جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او بلال افتخار کیانی قانون شکن عناصر کے خلاف متحرک ہو گئے اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کو یقینی بنانے کے لیے منظم اپریشن کا فیصلہ کر لیا اس سلسلہ میں گزشتہ روز ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے میٹنگ کا انعقاد کیا جس میں ڈی پی او نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے لیے مخبری کے نیٹ ورک کو وسیع کریں اور اشتہاری مجرمان کو پناہ دینے والے سہولت کاروں کے گھروں پر ریڈ کریں اور ان کے خلاف بھی قانونی کاروائی عمل میں لائیں انہوں نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے اہداف سونپ دیے اور فراہم کی گئی فہرستوں کے مطابق اہداف کو ہر صورت مقررہ مدت میں پورا کرنے کا حکم بھی جاری کر دیا نتائج کے مطابق پولیس افسران کی مجموعی کارکردگی کا تعین کا جائے گا محنتی پولیس افسران کو انعام جبکہ مایوس کارکردگی پر متعلقہ ایس ایچ او سے جواب طلبی کی جائے گی۔

اساتذہ کی کاوشیں ناقابل فراموش ہیں، بلال احمد خان

اساتذہ نئی نسل کے معمار ہیں جو قوم کے کردار کی تعمیر میں کلیدی حیثیت رکھتے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن ضلع شیخوپورہ کے صدر و پرنسپل گورنمنٹ فرقان شہید ہائی سکول بلال احمد خان نے کہا ہے کہ اساتذہ کے حقوق کے تحفظ اور انہیں تدریسی امور میں سہولیات فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں اساتذہ نئی نسل کے معمار ہیں جو قوم کے کردار کی تعمیر میں کلیدی حیثیت رکھتے ہیں انہیں معاشرے میں اہم مقام دینا سب کی ذمہ داری ہے جبکہ ان کی ضروریات کو پورا کرنے اور ان کے درپیش مسائل کے حل کیلئے حکومتی سطح پر بھرپور اقدامات اٹھانا ہوں گے تاکہ اساتذہ فروغ تعلیم پر مکمل توجہ دے سکیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو ک

روزنامہ ”قوت“ لاہور (7) 23 ستمبر 2024

”قوت“ کلاسیفائیڈ



تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے صحیح یا غلط ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات کلاسیفائیڈ مشینری کیلئے ہر پہلو سے مکمل اور جائز ہونے چاہئیں کسی پھیلے یا مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 (صرف واٹس ایپ)

تعلیم

1 تعلیمات

حالات بہتر بنانے کی ضرورت ہے، جیسے 2028ء میں کریں گے، اسی طرح سے کئے گئے وعدے مجھ پورے کرنے کے لئے تحریک کے کارکنوں سے مجھ سے زیادہ محنت کرنے کی ضرورت ہے۔ مجھ پر اعتماد کرنے والے تمام دوستوں اور پیارے کارکنوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ عمران خان

2 تعلیمات

نے عمران خان کو ہم نہیں بلکہ عمل قرار دیا، وہ اسرائیل سے معمول کے تعلقات چاہتے تھے۔ مریم نواز نے کہا ہے کہ یہ کہہ کر بھی پوری قوم کی آنکھیں کھول دینے والی ہے، پوری قوم پوسٹ نے پی ٹی آئی کا دفاع کرنے والوں کو بھی بے نقاب کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھی ثابت ہو گیا کہ عمران خان کو امریکہ میں کیا پیغام بھیجا گیا تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ عمران خان کو اسرائیل سے تعلقات قائم کرنے کی ہدایت کی گئی تھی، یہ ہے ان کی اصل حقیقت، یہ ہے ان کا اصل چہرہ، یہ ہے ان کا اصل کردار، یہ ہے ان کا اصل پروگرام، یہ ہے وہ اصل مقصد جس کیلئے یہ سارا کھیل کھیلا گیا، یہ ہے وہ اصل ایجنڈا جس کیلئے یہ سارا کھیل کھیلا گیا، یہ ہے وہ اصل وجہ جس کیلئے ملک کو عدم استحکام کا شکار کیا گیا، یہ ہے وہ اصل مقصد جس کیلئے ملک کی معیشت کو تباہ کیا گیا، یہ ہے وہ اصل ہدف جس کیلئے ملک کی ترقی کا پہیہ روکا گیا، یہ ہے وہ اصل منصوبہ جس کیلئے ملک کو آگ اور خون کی نذر کیا گیا، یہ ہے وہ اصل سازش جس کیلئے ملک کو دہشت گردی کی جنگ میں دھکیلا گیا، یہ ہے وہ اصل کردار جس کیلئے ملک کی سلامتی کو داؤ پر لگایا گیا، یہ ہے وہ اصل پروگرام جس کیلئے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا گیا، یہ ہے وہ اصل ایجنڈا جس کیلئے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا گیا، یہ ہے وہ اصل مقصد جس کیلئے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا گیا، یہ ہے وہ اصل سازش جس کیلئے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا گیا، یہ ہے وہ اصل کردار جس کیلئے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا گیا، یہ ہے وہ اصل پروگرام

آئی پی پیز کے معاہدوں کی تفصیل پبلک نہ کرنا حکومت کی بدنیتی ہے

ضیاالدین انصاری

لوگ مہنگائی اور بے روزگاری کے ہاتھوں فاقوں اور خودکشیوں پر مجبور خون کے آنسو رو رہے ہیں۔

بجلی کے بھاری بل ادا کرنے کے بعد عام آدمی کی اتنی استطاعت نہیں کہ وہ دو وقت کی روٹی پوری کر سکے، امیر جماعت اسلامی لاہور

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ نیکپیا سے کرآئی پی پیز کے معاہدوں کی تفصیل پبلک نہ کرنا حکومت کی بدنیتی ہے۔ آئی پی پیز کو بجلی کی پیداوار کی مد میں 15 سے 16 فیصد منافع کی اجازت تھی جبکہ 60 سے 70 فیصد ادائیگیاں کی گئی ہیں جس کے خلاف حکومت ایکشن لینے کی بجائے عوام کا خون نچوڑنے والی آئی پی پیز کا تحفظ کر رہی ہے۔ چند خاندانوں اور مفاد پرست مافیا کی ہمدرد حکومت عوام پر مسلسل ظلم پر شرمندہ تک نہیں ہے۔ حکومت آئی پی پیز مالکان کی صورت میں موجود نوآبادیاتی دور کے نظام کو ختم کرے۔ ہم عوام کے ساتھ ہیں، جو بھی حکومت عوام کے خلاف ہے ہم اس کے خلاف ہیں۔ ہم عوام کے حقوق کی جنگ لڑتے رہیں گے۔ ہم ہر فورم پر عوام کا مقدمہ لڑیں گے۔ ہم ہر ظالم کے خلاف ہیں۔ ہم ہر مظلوم کے ساتھ ہیں